Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعہ، 22 ستمبر 2023ء، 05 ربیع الاوّل 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 145

آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھ تعلقات کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ یقین ہے کہ یہ اس کے مطابق ہے جو پاکستانی عوام ملک میں دیکھنا چاہتے ہیں، مینجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا

پاکستان امیروں سے ٹیکس وصول کرے اور غریبوں کو تحفظ دے، سربراہ آئی ایم ایف

ہم اپنے پروگرام میں جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ یہ ہے کہ برائے مہربانی امیروں سے مزید ٹیکس وصول کریں اور پاکستان کے غریب لوگوں کا تحفظ کریں، مجھے یقین ہے کہ یہ اس کے مطابق ہے جو پاکستانی عوام ملک میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کی مینجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ بڑھتی مہنگائی کے دور میں امیروں سے زیادہ ٹیکس وصول کرے اور غریبوں کو تحفظ دے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں سالانہ مہنگائی اگست کے مہینے میں 4.27 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جس سے عوام کا گھریلو بجٹ شدید متاثر ہوا ہے، اس کے علاوہ رواں مہینے بجلی کے بھاری بلوں کی وجہ سے ملک بھر میں احتجاج (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

نگران وزیراعظم عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کی مینجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا سے ملاقات کررہے ہیں

ویتنام بین الاقوامی تجارتی میلہ میں پاکستان بھرپور شرکت کرے گا

میسے فرینکفرٹ اور ویتنام ٹریڈ پروموشن ایجنسی کے زیراہتمام میلے میں ٹڈاپ پویلین بھی ہوگا

کراچی (بیورورپورٹ) 28 فروری سے 1 مارچ 2024 تک ہونے والے 3 روزہ ویتنام بین الاقوامی تجارتی میلہ برائے" اپیرل، ٹیکسٹائل اور ٹیکسٹائل ٹیکنالوجیز" (VIATT) میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

اسلام آباد، آن لائن جنسی ہراسگی میں ملوث ملزم گرفتار

اسلام آباد (بیورورپورٹ) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ نے اسلام آباد میں کارروائی کرتے ہوئے آن لائن جنسی ہراسگی میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

چیئرمین پی ٹی آئی کی وکلاء و ڈاکٹر سے ملاقات کی درخواست منظور

اسلام آباد (بیورورپورٹ) خصوصی عدالت برائے آفیشل سیکرٹ ایکٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی اپنی لیگل ٹیم اور ڈاکٹر سے ملاقات کی درخواست منظور کر لی۔ چیئرمین پی ٹی آئی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

صدر مملکت عارف علوی سے محمد علی درانی ملاقات کررہے ہیں

مبینہ آڈیو لیک، بشریٰ بی بی نے ایف آئی اے تحقیقات کیخلاف متفرق درخواست دائر کردی

اسلام آباد (بیورورپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کی اہلیہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

اسلام آباد، 4 سی ڈی اے افسران ضمانت منسوخی پر گرفتار

اسلام آباد (بیورورپورٹ) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کی جانب سے سی ڈی اے کے 4 افسران کو اسلام آباد کی مقامی عدالت میں ضمانت منسوخ ہونے پر گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

وزیراعظم انوارالحق بل گیٹس سے مصافحہ کررہے ہیں

پرویز الٰہی کو کسی بھی کیس میں گرفتار نہ کرنے کے حکم پر عملدرآمد کرانے کی استدعا

بعدازاں لاہور ہائی کورٹ نے درخواست پر سماعت 4 اکتوبر تک ملتوی کردی

لاہور (بیورورپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے وکیل کی جانب سے استدعا کی گئی ہے کہ عدالت پرویز الٰہی کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

چیف جسٹس

پریکٹس اینڈ پروسیجر کیس کے فیصلے تک حساس مقدمات کی سماعت نہیں ہوگی

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حساس مقدمات کی سماعت کو پریکٹس اینڈ پروسیجر کیس کے فیصلے سے مشروط کردیا۔

ذرائع کے مطابق تین اکتوبر تک حساس نوعیت کے مقدمات کو سماعت کیلئے مقرر نہیں کیا گیا کیونکہ ہدایت کے مطابق پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیس کے فیصلے کے بعد ہی ان مقدمات کی سماعت ہوگی

وقت ضائع کرنے پر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے وکیل پر 5 ہزار روپے جرمانہ کردیا، وکیل نے متعلقہ دستاویزات دکھانے کے بجائے عدالت کا وقت ضائع کیا، چیف جسٹس کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورورپورٹ) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حساس مقدمات کی سماعت کو پریکٹس اینڈ پروسیجر کیس کے فیصلے سے مشروط کردیا۔ نجی ٹی وی کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

اسلام آباد (بیورورپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان میں دکانوں کے کرائے اور جائیداد کی منتقلی کے کیس میں چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے وکیل پر 5 ہزار روپے جرمانہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

شہباز شریف، مریم نواز الگ الگ پروازوں کے ذریعے لاہور سے لندن روانہ

سابق وزیراعظم لندن میں ایک ماہ قیام کے بعد رواں ہفتے ہی وطن واپس پہنچے تھے

لاہور (بیورورپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم شہباز شریف اور پارٹی کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز الگ الگ پروازوں کے ذریعے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

نوازشریف کے واپس آنے یا نہ آنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا‘ فردوس عاشق اعوان

شہباز شریف دوبارہ لندن بچ رپورٹ دینے گئے ہیں، نوازشریف ہوم گراؤنڈ پر بھی کنڈیشنز دیکھ کر کھیلنا چاہ رہے ہیں

لاہور (بیورورپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ شہباز شریف دوبارہ لندن نوازشریف کو بچ رپورٹ دینے گئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

لیسکو میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری

،مزید 439 بجلی چور پکڑے گئے، 435 کے خلاف ایف آئی آرز

بڑے کمرشل صارفین بھی بجلی چوری میں ملوث پائے گئے‘ ترجمان لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن بھرپور طریقے سے جاری ہیں اور 15ویں روز تمام سرکلز میں 439 کنکشنز بجلی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

گلگت: قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر امریکی سفیر کو وائس چانسلر سونیئر پیش کررہے ہیں

حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست 27 ستمبر کو جب کہ اعتراضات اور تجاویز کے بعد حتمی فہرست 30 نومبر کو جاری کی جائے گی

الیکشن کمیشن کا جنوری میں عام انتخابات کرانے کا اعلان

حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست 27 ستمبر کو شائع کردی جائے گی، پھر 54 دن کے الیکشن پروگرام کے بعد انتخابات کرادیے جائیں گے، الیکشن کمیشن پاکستان

ترجمان کے مطابق اس سلسلے میں ضابطہ اخلاق کے ڈرافٹ کی ایک کاپی بھی سیاسی پارٹیوں کے سربراہان کو بھیج دی گئی ہے تاکہ مشاورت کے وقت وہ ضابطہ اخلاق پر بہتر انداز میں اپنا فیڈ بیک دے سکیں

آئندہ عام انتخابات کے لیے الیکشن کمیشن نے سیکشن 233، الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت ضابطہ اخلاق پر مشاورت کے لیے سیاسی جماعتوں کا اجلاس 4 اکتوبر 2023 کو دوپہر 2 بجے الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ میں طلب کیا گیا

اسلام آباد (بیورورپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں عام انتخابات جنوری 2024 کے آخری ہفتے میں کرا دیے جائیں گے، ابتدائی حلقہ بندیوں پر اعتراضات وتجاویز کی سماعت کے بعد حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست 30 نومبر کو شائع کی جائے گی۔ جمعرات کو الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیوں کے کام کا جائزہ لیا اور فیصلہ کیا کہ حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست 27 ستمبر 2023 کو شائع کردی جائے گی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ابتدائی حلقہ بندیوں پر اعتراضات اور تجاویز کی سماعت کے بعد حلقہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

شیخ رشید کی رہائش گاہ لال حویلی کے مرکزی دروازے سمیت 7 یونٹس سیل

محکمہ متروکہ وقف املاک کی ٹیم، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر آصف خان کی قیادت میں قبضہ لینے کے لیے لال حویلی پہنچی جب کہ قبضہ چھڑانے کے لیے ایف آئی اے کی ٹیم پولیس کی نفری کے ہمراہ موجود تھی

ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر آصف خان نے صحافیوں کو بتایا کہ لال حویلی کو خالی کرانے کے لیے آپریشن کچھ دیر بعد شروع ہوگا، لال حویلی کے مرکزی دروازے سمیت 7 یونٹس کو سیل کردیا گیا ہے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ متروکہ وقف املاک نے سابق وزیر داخلہ اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد کی رہائش گاہ لال حویلی کے مرکزی دروازے سمیت 7 یونٹس کو سیل کردیا۔ محکمہ متروکہ وقف املاک کی ٹیم، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر آصف خان کی قیادت میں قبضہ لینے کے لیے لال حویلی پہنچی جب کہ قبضہ چھڑانے کے لیے ایف آئی اے کی ٹیم پولیس کی نفری کے ہمراہ موجود تھی۔ ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر آصف خان نے صحافیوں کو بتایا کہ لال حویلی کو خالی کرانے کے لیے آپریشن کچھ دیر بعد شروع ہوگا، لال حویلی کے مرکزی دروازے سمیت 7 یونٹس کو سیل کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لال حویلی کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

وزیر خزانہ

حکومتی ملکیتی اداروں کے حوالے سے پالیسی تیار، شفاف نجکاری کی جائیگی

حکومت کی ماتحت سرکاری کمپنیوں کے نقصانات 500 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں، منافع بخش کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے، وزیرخزانہ

حکومت نے سرکاری کمپنیوں کے قانون کا مسودہ بنالیا ہے، کابینہ کی کمیٹی ان کمپنیوں کی مالی حالت درست بنانے کیلئے کام کرے گی، ڈاکٹر شمشاد اختر کی گفتگو

اسلام آباد (بیورورپورٹ) نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے کہا ہے کہ حکومت کی ماتحت سرکاری کمپنیوں کے نقصانات 500 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں، منافع بخش کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے، حکومت نے سرکاری کمپنیوں کے قانون کا مسودہ بنالیا ہے، کابینہ کی کمیٹی ان کمپنیوں کی مالی حالت درست بنانے کیلئے کام کرے گی۔ نگران وزیرخزانہ شمشاد اختر نے میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر27)

لاہور: وکلا مہنگائی کے خلاف مال روڈ پر احتجاج کررہے ہیں

آشیانہ اقبال ریفرنس کیس، شہباز شریف سمیت دیگر بریت کی درخواستوں پر دلائل طلب

احد خان چیمہ کی ایک روز کی حاضری معافی کی درخواست منظور، سماعت 5 اکتوبر تک ملتوی کردی گئی

لاہور (بیورورپورٹ) احتساب عدالت نے آشیانہ اقبال ریفرنس کیس میں سابق وزیراعظم شہباز شریف سمیت دیگر کی بریت کی درخواستوں پر حتمی دلائل طلب کرلیے ۔احتساب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر26)

بجلی چوری کلچر ختم کیے بغیر آرام سے نہیں بیٹھیں گے، سیکریٹری پاور

جرم کرنے والوں کی سزا بل ادا کرنے والوں کو دینے کی اجازت نہیں دے سکتے، راشد لنگڑیال کا بیان

اسلام آباد (بیورورپورٹ) سیکرٹری پاور راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ بجلی چوری کلچر ختم کیے بغیر آرام سے نہیں بیٹھیں گے، جرم کرنے والوں کی سزا بل ادا کرنے والوں کو دینے کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

لاہور: جماعت اسلامی کے زیراہتمام مہنگائی کے خلاف گورنر ہاؤس کے باہر احتجاج کیا جارہا ہے

قبائلی علاقوں کی خصوصی حیثیت کے تحت انکم ٹیکس ری فنڈ کیس میں نظرِ ثانی کی اپیل خارج

الگ نوٹیفکیشن اس صورت میں ہوتا ہے جب خصوصی حیثیت برقرار ہو، جسٹس اطہر من اللہ کے ریمارکس

رخواست گزار پاکستان میں رہتا، کھاتا، پیتا ہے تو تھوڑے سے ٹیکس کی ادائیگی میں اسے کیا مسئلہ ہے؟، چیف جسٹس

اسلام آباد (بیورورپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے خیبر پختونخوا کے قبائلی علاقوں کی خصوصی حیثیت کے تحت انکم ٹیکس ری فنڈ کے کیس میں نظر ثانی کی درخواست خارج (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)

پی آئی اے کی نجکاری سے قبل ریگولیٹر ادارہ بنانے کا فیصلہ

ایوی ایشن کے شعبے کے لیے ریگولیٹر ادارہ بنانے کی تجویز وفاقی وزیر فواد حسن فواد نے دی، ذرائع

اسلام آباد (بیورورپورٹ) قومی ایئرلائن پی آئی اے کی نج کاری سے پہلے پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کو ریگولیٹ کرنے کے لیے ادارہ قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ذرائع نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

محترمہ رئیسہ عادل، ڈائریکٹر جنرل (HP-II) پروجیکٹ ڈائریکٹر CVE اسلام آباد میں CVE میڈیا سیل کے ریسرچ اینڈ پالیسی ورکنگ گروپ کے افتتاحی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔

نگران وزیرخارجہ

کالعدم ٹی ٹی پی، پاکستان افغانستان کے درمیان تلخیاں پیدا کر رہی ہے

معاشی مضبوطی سیاسی استحکام سے مشروط ہے، ایس آئی سی ایف کے تحت پانچ بڑے شعبوں میں سرمایہ کاری کے اہداف مقرر کیے ہیں، مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے خلیجی مما لک سے معاہدے ہوں گے،

پاکستان میں دہشت گرد گروپ ہمسایہ ملکوں سے کارروائیوں میں ملوث ہیں، افغانستان کالعدم ٹی ٹی پی کے پاکستان میں حملوں پر کارروائی کرے، جلیل عباس جیلانی

نیویارک (بیورورپورٹ) نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس نے واضح کیا ہے کہ ہمارا بنیادی ہدف پاکستان میں شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کا انعقاد ہے، معاشی مضبوطی سیاسی استحکام سے مشروط ہے، ایس آئی سی ایف کے تحت پانچ بڑے شعبوں میں سرمایہ کاری کے اہداف مقرر کیے ہیں، مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے خلیجی مما لک سے معاہدے ہوں گے، پاکستان میں دہشت گرد گروپ ہمسایہ ملکوں سے کارروائیوں میں ملوث ہیں، افغانستان کالعدم ٹی ٹی پی کے پاکستان میں حملوں پر کارروائی کرے۔ ایک انٹرویو دیتے ہوئے جلیل عباس نے کہا کہ معاشی مضبوطی سیاسی استحکام (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)

چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے مبینہ غیر شرعی نکاح سے متعلق کیس کی سماعت 25 ستمبر تک ملتوی

اسلام آباد (بیورورپورٹ) جوڈیشل مجسٹریٹ قدرت اللہ کی عدالت میں ز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

ہائی کورٹ نے ڈاکٹر شاہد بیگ کو چیئرمین پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کے عہدے پر بحال کردیا

اسلام آباد (بیورورپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کی جسٹس ثمن رفعت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی چین کے شہرین چوان میں سب سے بڑے جنرل ہسپتال کی فارمیسی کا جائزہ لے رہے ہیں

چین-عرب مما لک کے چھٹے ایکسپو کا ینشوان، چین میں آغاز ہوگیا

عرب مما لک اور خاص طور پر سعودی عرب کی ایکسپو میں شمولیت انتہائی خوش آئند ہے، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (بیورورپورٹ) چین-عرب اسٹیٹس ایکسپو کی دسویں سالگرہ کے موقع پر چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ عرب مما لک اور خاص طور پر سعودی عرب کی ایکسپو میں شمولیت انتہائی خوش آئند ہے۔ تفصیلات کے مطابق چین-عرب اسٹیٹس ایکسپو کی دسویں سالگرہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

محترمہ رئیسہ عادل، ڈائریکٹر جنرل (HP-II) پروجیکٹ ڈائریکٹر CVE اسلام آباد میں CVE میڈیا سیل کے ریسرچ اینڈ پالیسی ورکنگ گروپ کے افتتاحی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔

انوارالحق کاکڑ کی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے ملاقات، کشمیر کی صورتحال پر گفتگو

تنازعہ کشمیر کے حل کے لئے سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کرایا جائے، نگران وزیراعظم

وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو پاکستان میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی پیشرفت سے آگاہ کیا

نیویارک (بیورورپورٹ) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ تنازعہ کشمیر کے حل کے لئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کرایا جائے۔ وزیراعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر28)

انوارالحق کاکڑ کی بل گیٹس سے ملاقات

پولیو کے خاتمے، صنفی مساوات، غذائیت اور مالیاتی شمولیت پر تبادلہ خیال

نیویارک (بیورورپورٹ) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے امید ظاہر کی ہے کہ رواں سال ملک کے ہر علاقے میں پولیو وائرس کی منتقلی کو روکنا ممکن ہوگا، حکومت اور نیشنل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر29)

محترمہ رئیسہ عادل، ڈائریکٹر جنرل (HP-II) پروجیکٹ ڈائریکٹر CVE ڈاکٹر طلعت شبیر، ڈائریکٹر چائنا سنٹر، انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد کو تعریفی ٹوکن پیش کررہی ہیں۔

سارہ انعام قتل کیس میں گواہ ایس ایچ او نوازش علی پر وکیل صفائی نے جرح مکمل

اسلام آباد (بیورورپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد اعظم خان کی عدالت میں زیرسماعت سارہ انعام قتل کیس میں گواہ ایس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

صدر مملکت سے محمد علی درانی کی ملاقات، موجودہ صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (بیورورپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے سابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

بحال شدہ پہلے نیب کیس کی سماعت، راجہ پرویز اشرف کی طلبی

احتساب عدالت نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کرتے ہوئے پہلا کیس کھول دیا جو کہ رینٹل پاور کرپشن کیس ہے

جج محمد بشیر نے نیب کی درخواست پر کیس میں سابق اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز کی طلبی کا سمن جاری کردیا اور کہا ہے کہ اس کیس میں فرد جرم عائد ہوچکی ہے

اسلام آباد (بیورورپورٹ) احتساب عدالت نے سپریم کورٹ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے بحال کیے گئے کیسز میں سے پہلے کیس کی سماعت کرتے ہوئے رینٹل پاور کیس میں راجہ پرویز اشرف کو طلب کرلیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق سپریم کورٹ کی جانب سے نیب ترامیم کی چند شقوں کو کالعدم قرار دینے کے بعد سیاست دانوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

صحافی معاشرے کی بہتری کیلئے مثبت کردار ادا کرتے ہیں، سلیم خان

سندھ میڈیا فورم کی سالانہ تقریب جنوری میں ہوگی، معین اللہ شاہ..... صحافتی مشن جاری رہے گا، شبیر غوری/صدیق چوہدری

کراچی (بیورورپورٹ) گورنر سندھ کے پریس سیکریٹری محمد سلیم خان نے کہا ہے کہ شعبہ صحافت عبادت کا درجہ رکھتا ہے اور صحافی معاشرے کی بہتری کیلئے مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ کراچی پریس کلب میں سندھ میڈیا فورم کے نیوز لیٹر 2023 کے اجراء کی سادہ مختصر ومنفرد بیٹھک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

کینیڈا میں سکھ رہنما کے قتل کا دنیا سنجیدگی نوٹس لے، صدر مملکت

صدر عارف علوی نے کینیڈا کے سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کے قتل میں بھارت کے ملوث ہونے کی شدید مذمت کی ہے

دنیا کینیڈا کی سرزمین پر بھارت کی ریاستی سرپرستی میں ہونے والے قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لے۔ صدر پاکستان

اسلام آباد (بیورورپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سکھ رہنما کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے دنیا سے اس بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لینے کی اپیل کردی۔ نجی ٹی وی کے مطابق صدر عارف علوی نے کینیڈا کے سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کے قتل میں بھارت کے ملوث ہونے کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ دنیا کینیڈا کی سرزمین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر30)

پی آئی اے کی نجکاری، ادارے کو 2 کمپنیوں میں تقسیم کرنے کیلئے اقدامات شروع

پی آئی اے کی نجکاری کیلئے ضروری بیلنس شیٹ ری اسٹرکچنگ کیلئے مالی مشیر کی خدمات طلب کرلی گئیں

کراچی (بیورورپورٹ) قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کی نجکاری سے قبل ادارے دو کمپنیوں میں تقسیم کرنے کیلئے اقدامات شروع کردیئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی اے کی نجکاری سے قبل ادارے کی تنظیم نو کا عمل تیز کردیا گیا، پی آئی اے کو دو کمپنیوں میں تقسیم کرنے کیلئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر31)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
ABC عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

ناخواندگی کے اندھیرے میں الخدمت کا روشن چراغ !

تعلیم ایک ایسا زیور ہے کہ جس کے بغیر انسان کسی بھی شعبہ زندگی میں ترقی نہیں کر سکتا، آئین پاکستان کے مطابق ریاست پانچ سے سولہ سال کی عمر کے بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کی پابند ہے، اس حوالے سے ہر دور حکومت میں تعلیم کو عام کرنے کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے رہے، تعلیمی پالیسیاں بھی بنائی جاتی رہی ہیں، اس میں سے بعض منظر عام پر ہی نہیں آئیں اور کچھ تجرباتی طور پر آزمائی بھی جاتی رہی ہیں، لیکن اس کے خاطر خواہ نتائج نکلے نہ ہی ہماری شرح خواندگی میں اب تک کوئی اضافہ ہو پایا ہے۔

یہ انتہائی افسوس ناک امر ہے کہ ہماری آزادی کو 76 سال گزر چکے ہیں، لیکن ہماری شرح خوندگی میں کوئی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو رہا ہے، پاکستان اقتصادی سروے2022,23ء کے مطابق ملک میں خواندگی کی مجموعی شرح 62 فیصد ہے ،جوکہ کسی صورت تسلی بخش نہیں ہے ،اس کا ذمہ دار کسی ایک فریق کو قرار دیا جا سکتا نہ ہی کوئی ایک مخصوص عمل رہا ہے،اس کے بہت سارے عوامل رہے ہیں،اس میں سب سے زیادہ ہاتھ ہر دور حکومت کا ہی رہا ہے، ایک طرف تعلیم پر بہت ہی کم بجٹ خرچ کیا جا تا رہا تو دوسری جانب جوامداد ملتی رہی ہے،اسے بھی ٹھیک طرح سے خرچ نہیں کیا جاتا رہا ہے، ہمیں یونیسکو تعلیم کی مد میں پیسہ دیتا ہے ،آئی ایم ایف والے بھی خطیر رقم دیتے ہیں اور دیگر ممالک کی طرف سے بھی تعلیم کے مد میں کافی رقم آتی رہتی ہے، لیکن یہ ساری رقم صحیح طریقے اور ایمانداری سے تعلیم پر استعمال ہی نہیں کی جارہی ہے۔

اس ملک میں ہر دور حکومت میں عوام کبھی حکمرانوں کی ترجیح رہے نہ ہی عوام کی بنیادی سہولیات تعلیم وصحت تک کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا گیا ہے ،جبکہ عوام اتنے کم مالی وسائل کے باعث اپنا بوجھ خود اُٹھا پا رہے ہیں نہ ہی اپنے ہونہار بچوں کو تعلیم دلا پا رہے ہیں ،اس نازک صورتحال میں الخدمت فاؤنڈیشن ہی ایک ایسا ادارہ ہے ،جوکہ عوام کی بڑھتی مشکلات میں سہارا دیے رہا ہے ، الخدمت فاؤنڈیشن جہاں عوام کو ہر بنیادی سہولیات دینے میں مدد گار ہے،وہیں الخدمت الفلاح اسکالرشپ کے ذریعے ہونہار نوجوانوں کیلئے امید کی کرن بھی بنا ہوا ہے،اس سکالر شپ کے تحت ہی گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصہ سے مالی دشواریوں کا شکار ہزاروں ذہین طلبہ وطالبات کو حصول تعلیم میں مدد فراہم کی جا چکی ہے۔

اس مشن کا آغاز الخدمت فاؤنڈیشن کے نائب صدر محمد عبدالشکور نے اپنے چند علم دوست اور خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار اپنے ساتھیوں کے ساتھ ملکر ایک مثبت اور تعمیری سوچ کے تحت 1998ء میں کیا تھا ،الخدمت الفلاح اسکالر شپ کیلئے ذہین اور مالی مشکلات کے شکار طلبہ و طالبات کا میرٹ پر انتخاب کیا جاتا ہے اور پھر انہیں ہائر ایجوکیشن کے لئے وظائف فراہم کئے جاتے ہیں،اس میں سب سے بڑھ کر الفلاح سکالر شپ نے وظائف کا سلسلہ اتنا باوقار بنا رکھا ہے کہ کسی مرحلے پر طالب علموں کی عزت نفس بھی مجروح نہیں ہوتی ہے ،اس وقت الفلاح اسکالر شپ اسکیم کے تحت چاروں صوبوں بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے 936 ہونہار اور مستحق طلبہ و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بلاتفریق رنگ و نسل، مذہب و ذات اور سیاسی وابستگی کے تعلیمی وظائف فراہم کیے جارہے ہیں۔

شاہد ندیم

الخدمت اپنے تائیں خواندگی میں اضافے کیلئے بھر پور کوشش کررہی ہے، ایک طرف ہونہار طلباء کو وظائف دیئے جارہے ہیں تو دوسری جانب الخدمت کے تحت ہی ملک بھر میں 63 سکول بھی کام کر رہے ہیں کہ جن میں 15 ہزار سے زائد بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں،اس کے علاوہ ملک بھر میں سٹریٹ چلڈرن کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر الخدمت چاروں صوبوں میں 65 چائلڈ پروٹیکشن سنٹر بھی چلا رہی ہے کہ جن میں2750 بچوں کو رسمی و غیر رسمی تعلیم، صحت کی بنیادی سہولیات، حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق خورک کے ساتھ ساتھ نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں فراہم کی جارہی ہیں۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ اور سہولیات دیے بغیر ملک کے مستقبل کو تابناک نہیں بنایا جا سکتا ہے،اگر ہم نے دنیا کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلنا ہے اور تیز رفتار سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو نا ہے تو وطن عزیز کے ہر بچے کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا اور اس مقصد کے حصول کے لئے خواندگی کی شرح بڑھانے اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دینا ہو گی ، اس حوالے سے الخدمت فاؤنڈیشن اپنا بھر پور کردار ادا کررہی ہے ،لیکن حکومت کیا کررہی ہے ؟ اگر حکمرانوں کو اپنی سیاسی محاذ آرائی سے فرصت ملے تو قوم کے نونہال پاکستان کے روشن مستقبل کے متعلق بھی ذرا سوچ لیں ، حکومت قوم کے ان معماروں کی معیاری تعلیم کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے ، اگر خود کچھ نہیں کر سکتی تو کم از کم الخدمت فاؤنڈیشن جیسے اداروں سے ہی تعاون کر لے ، تاکہ اس ناخوندگی کے اندھیرے میں الخدمت کے روشن چراغ سے ہی نا خوندگی کے اندھیرے چھٹ جائیں، یہ مفاد پرست حکمرانوں کیلئے مشکل ضرور،مگر قومی مفاد میں ناممکن نہیں ہے۔

تعلیم ایک ایسا زیور ہے کہ جس کے بغیر انسان کسی بھی شعبہ زندگی میں ترقی نہیں کر سکتا، آئین پاکستان کے مطابق ریاست پانچ سے سولہ سال کی عمر کے بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کی پابند ہے، اس حوالے سے ہر دور حکومت میں تعلیم کو عام کرنے کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے رہے، تعلیمی پالیسیاں بھی بنائی جاتی رہی ہیں، اس میں سے بعض منظر عام پر ہی نہیں آئیں اور کچھ تجرباتی طور پر آزمائی بھی جاتی رہی ہیں، لیکن اس کے خاطر خواہ نتائج نکلے نہ ہی ہماری شرح خواندگی میں اب تک کوئی اضافہ ہو پایا ہے۔

یہ انتہائی افسوس ناک امر ہے کہ ہماری آزادی کو 76 سال گزر چکے ہیں، لیکن ہماری شرح خوندگی میں کوئی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو رہا ہے، پاکستان اقتصادی سروے2022,23ء کے مطابق ملک میں خواندگی کی مجموعی شرح 62 فیصد ہے ،جوکہ کسی صورت تسلی بخش نہیں ہے ،اس کا ذمہ دار کسی ایک فریق کو قرار دیا جا سکتا نہ ہی کوئی ایک مخصوص عمل رہا ہے،اس کے بہت سارے عوامل رہے ہیں،اس میں سب سے زیادہ ہاتھ ہر دور حکومت کا ہی رہا ہے، ایک طرف تعلیم پر بہت ہی کم بجٹ خرچ کیا جا تا رہا تو دوسری جانب جوامداد ملتی رہی ہے،اسے بھی ٹھیک طرح سے خرچ نہیں کیا جاتا رہا ہے، ہمیں یونیسکو تعلیم کی مد میں پیسہ دیتا ہے ،آئی ایم ایف والے بھی خطیر رقم دیتے ہیں اور دیگر ممالک کی طرف سے بھی تعلیم کے مد میں کافی رقم آتی رہتی ہے، لیکن یہ ساری رقم صحیح طریقے اور ایمانداری سے تعلیم پر استعمال ہی نہیں کی جارہی ہے۔

امن کا عالمی دن

امن سماج کی اس کیفیت کا نام ہے ۔ جہاں تمام معاملات معمول کے ساتھ بغیر کسی پر تشدد، اختلافات کے چل رہے ہوں۔ امن کا تصور کسی بھی معاشرے میں تشدد کی غیر موجودگی یا پھر صحت مند، مثبت ،بین الاقوامی یا بین الانسانی تعلقات سے تعبیر کیا جاتا ہے۔امن کی عمومی تعریف میں کئی معنی شامل ہوتے ہیں۔ ان میں مجموعی طور پر امن کا تحفظ، بہتری، آزادی، دفاع، قسمت اور فلاح کے نام سے بھی جانا جاتا ہے ۔ انفرادی طور پر امن سے مراد تشدد سے خالی ایک ایسا طرز زندگی کا تصور لیا جاتا ہے۔ جس کی خصوصیات میں افراد کا ادب، انصاف اور عمدہ نیت مراد لی جاتی ہے۔ اس کیفیت میں معاشرے کے تمام افراد کو سماجی، معاشی، مساوات اور سیاسی حقوق وتحفظ حاصل ہوتے ہیں۔ بین الاقوامی تعلقات میں، امن کا دور اختلافات یا جنگ کی صورت حال کی غیر موجودگی سے تعبیر ہے۔ عموی طور پر امن تباہ کرنے میں عدم تحفظ، سماجی بگاڑ، معاشی عدم مساوات، غیر متوازن سیاسی حالت، قوم پرستی، نسل پرستی اور مذہبی بنیاد پرستی جیسے عوامل شامل ہوتے ہیں۔ معاشرے میں انفرادی طور پر امن کی حالت ہر فرد پر یکساں لاگو ہوتی ہے۔ جبکہ مجموعی طور پر کسی بھی خطے کا پورا معاشرہ مراد لیا جاتا ہے۔دنیا کی مختلف زبانوں میں لفظ امن یا سلامتی کو خوش آمدید یا الوداعی کلمات کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً عربی زبان کا لفظ سلام، امن یا سلامتی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ الفاظ الوداعی یا خوش آمدیدی کلمات کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔مسلمان ایک دوسرے کو ملنے پر السلام علیکم یا وعلیکم السلام کہتے ہیں۔ جس کا مطلب بھی امن وسلامتی ہی ہے۔فاختہ کو بھی امن سے تشبیہ دی جاتی ہے۔وہ اس لیئے کہ فاختہ یونانی عقائد میں محبت اور زندگی کی علامت سمجھی جاتی تھی۔ عیسائیت میں بھی اسے اہم حیثیت حاصل ہے۔ انجیل مقدس میں کہا گیا ہے کہ جب سیلاب آنے لگا تو حضرت نوح علیہ السلام نے ایک فاختہ کو فضا میں چھوڑ دیا۔کچھ دن بعد فاختہ واپس آئی تو اس کی چونچ میں زیتون کی شاخ تھی۔ جو اس بات کا اظہار تھی کہ سیلاب ختم ہو چکا ہے اور زمین پر زندگی لوٹ آئی ہے۔فاختہ کے ساتھ زیتون کی شاخ کو بھی امن کی علامت سمجھا جاتا ہے۔یونانیوں کا ماننا تھا کہ جس جگہ زیتون کی شاخ موجود ہو ۔اس جگہ سے شیطانی قوتوں کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ انیسویں صدی کے ایک معروف فرانسیسی مصور ہنری میٹیس نے فاختہ اور اس کی چونچ میں زیتون کی شاخ نہایت خوبصورتی سے پینٹ کر کے اپنے بہترین دوست، حریف اور ایک اور معروف ہسپانوی مصور پابلو پکاسو کو بھجوائی۔پکاسو نے اس فاختہ کی حاشیے (لکیر) سے دوبارہ تصویر بنائی۔ 1949 میں اقوام متحدہ نے امن کی عالمی کانفرنس کے دوران اسی تصویر کو امن کی علامت کے طور پر پیش کیا۔جب سے سیاہ حاشیے سے کھنچی فاختہ اور اس کی چونچ میں زیتون کی شاخ امن کی عالمی علامت مانی جاتی ہے۔

ہر سال 21 ستمبر کو دنیا بھر میں امن کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔جس کا مقصد دنیا بھر میں امن کی

اللہ دتہ انجم ۔دھنوٹ

کوششوں کو فروغ دینا ، ان سماجی رہنماؤں کو خراج تحسین پیش کرنا کہ جنھوں نے امن عالم کے لیے اپنی خدمات پیش کیں۔یہ دن، امن و صلح سے مخصوص ہے اوراس دن خاص طور پر جنگ اورعدم تشدد کی بات ہوتی ہے اور بعض اوقات یہ دن، جنگ زدہ علاقوں تک انسانی بنیادوں کی رسائی پر ایک عارضی جنگ بندی کی صورت فراہم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔نیز برداشت، ہم آہنگی، انسانیت کا احترام جیسی روایات کو پروان چڑھانے اورنوجوان نسل میں اس حوالے سے شعوراجاگر کرتا ہے۔ اس موقع پر سیمینارز، امن واک کا انعقاد اور بین المذاہب ہم آہنگی کا اظہار کیلئے اجتماعات منعقد کئے جاتے ہیں۔ہر سال اس دن کا ایک نیا موضوع ہوتا ہے۔اقوام متحدہ نے اس دن کے منانے کا آغاز 1981 سے کیا۔ اس کے بعد 1982 میں ستمبر کے تیسرے منگل کو منایا گیا۔یہ دن بہت سی قوموں سیاسی گروہوں،فوجی گروہوں اوردیگر لوگوں نے یہ دن منایا اور پھر 2001 تک ستمبر کے تیسرے منگل کو ہی امن کا عالمی دن منایا جاتا رہا۔ دو دہائیوں بعد 2001 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے متفقہ طور پر اس دن کو عدم تشدد اور جنگ بندی کا دن قرار دیا۔ اس کے بعد سے ہر سال 21 ستمبر کو امن کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ 2013 میں اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری نے اسے امن کی تعلیم کے لیے وقف کیا۔ دن کا آغاز اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر (نیویارک) میں اقوام متحدہ کی امن کی گھنٹی بجنے سے ہوتا ہے ۔یہ گھنٹی افریقہ کے علاوہ تمام براعظموں کے بچوں کے عطیہ کردہ سکوں سے بنائی گئی ہے۔ جو یونائٹڈ نیشنل ایسوی ایشن آف جاپان نے تحفے میں دی تھی۔ یہ گھنٹی جنگ میں انسانی جان کی قدرو قیمت کی یاد دہانی ہے۔ اس گھنٹی کے پہلو میں لکھا ہے کہ" دنیا میں ہمیشہ امن رہے"۔

ایک طرف اقوام متحدہ کا عالمی یوم امن ہے اور دوسری طرف آج دنیا بھر میں متعدد ممالک بدامنی کا شکار ہیں۔ ہر طرف منڈلاتے ہوئے دہشت گردی کے خطرات، اندرونی و بیرونی جارحیت، عالمی اداروں کی بے حسی نے امن کو ایک خواب وخیال بنادیا ہے ۔دہشت گردی اصطلاح پر رونما ہونے والے واقعات میں جہاں خاک وخون میں تڑپتی لاشوں، ظلم و بربریت اور تباہی و بربادی کے عریاں رقص، ہلاکت و بربادی کے گھاٹ پر قربان ہوتی انسانوں کی جائیداد، اموال اور مکانوں کی بربادی وغیرہ سامنے آتی ہے۔ وہیں انسانی ذہن پر واقعات کی بھیانک تصویر بھی ابھرآتی ہے کہ آتش وآہن کی بارش مسلم ممالک پر ہی کیوں برسائی جاتی ہے۔کشت وخون کا یہ سارا کھیل اور ظلم و بربریت کا یہ ننگا ناچ مسلمان قوم کے ساتھ ہی کیوں خاص ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ دہشت گردی، کا لیبل اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ چسپاں کرنے کا کھیل عالمی سازش کا حصہ ہے ۔جو اسلام کو "دہشت گرد" مذہب اور مسلمانوں کو "دہشت گرد" قوم ثابت کرنا چاہتے ہیں۔جبکہ اسلام امن وسلامتی کا پیامبر ہے۔جہاں ظلم ، ناانصافی وعدم مساوات کا نام ونشان تک نہیں۔جہاں باہمی تعلقات کی بنیاد شرافت وحیا پر قائم ہے۔جہاں اخوت و مساوات کی حکمرانی اور محبت ورواداری کی بالادستی ہے۔اسلام سے قبل انسانی جانوں کی کوئی قیمت نہ تھی مگر اسلام نے انسانی جان کو وہ عظمت و احترام بخشا کہ ایک انسان کے قتل کو ساری انسانیت کا قتل قرار دیا۔فتح مکہ کے تاریخی کلمات پر نظر دوڑائیں۔ جنہوں نے مکہ سے آپ ﷺ کو ہجرت کرنے پر مجبور کیا، تکلیف، مصیبت ، سنگ باری، دشنام طرازی غرض دشمنی کا ہر طریقہ آپ ﷺ پر آزمایا۔

حج نہیں حجرت فرض ہے

ہمارے ایک دوست آج کل ہر ملنے والے فرد بالخصوص نوجوانوں کو پاکستان چھوڑنے کا مشورہ دے رہے ہیں ۔ایک اعلیٰ عہدے پر فائز ہونے کے باوجود ان کا موقف ہے کہ پاکستان رہنے کے قابل نہیں رہا ۔ جس حساب سے آئی ایم ایف نے ملک کو اپنی گرفت میں لے لیا ہے،اس کے چنگل سے نکلنا اب کسی صاحب بصیرت حکمران کے بس میں بھی نہیں رہا۔ جیسے جیسے وقت گزر رہا ہے یہاں زندگی مشکل تر ہوتی جا رہی ہے ۔ہر گزرتے دن ہم دوسرے ممالک کے محتاج ہو رہے ہیں ۔ مستقبل قریب میں پاکستان تیسری دنیا کے بھی ان ممالک میں شمار ہونے والا ہے جو آئی ایم ایف کے بغیر کسی صورت جینے کے قابل نہیں رہیں گے۔

مذکورہ دوست ہر ایک کو کہتے ہیں کہ موقع ملے تو بیرون ملک منتقل ہر کرنئی زندگی کا آغاز کرے۔ میں نے ایک مرتبہ انہیں ٹوکا ، اور ہلکا سا احتجاج کیا،تو کہنے لگے کہ حب الوطنی کے درس بہت دے لئے اور بہت سن لئے ۔ حالات اس نہج پر پہنچ گئے ہیں کہ اب استطاعت ہونے پر حج نہیں ، ہجرت فرض ہے۔ کیونکہ بات حب الوطنی سے آگے نکل کر حقیقت پسندی کی جانب بڑھ چکی ہے۔

گذشتہ دنوں میں صحافیوں، ادیبوں اور ایڈیٹرز کے پلیٹ فارم "پہچان" کی ایک ماہانہ نشست میں شریک تھا جس میں ایک صوبائی وزیر نے بتایا کہ وہ ایک ہسپتال کے دورہ پر تھے۔ تیمارداری کرتے ہوئے ایک بوڑھی اماں کی بیٹی سے انہوں نے استفسار کیا تو جواب ملا کہ خاتون بیوہ ہے اور گھروں کے کام کاج کرتی ہے۔ اس کا بجلی کا بل 30 ہزار روپے آیا ہے جبکہ ماہانہ آمدن محض 17 ہزار روپے ہے۔اسی پریشانی میں اسے ہارٹ اٹیک ہوا اور یہ ہسپتال پہنچ گئی۔ یہ میرے ملک میں ایک عام آدمی کی زندگی ہے۔

"پہچان" ہی کی ایک نشست میں قاسم علی شاہ ملک چھوڑنے والے نوجوانوں کے اعداد وشمار بتاتے ہوئے کہہ رہے تھے کہ ہماری بدقسمتی ہے کہ نوجوان نسل اپنا مستقبل باہر دیکھ رہی ہے جبکہ پاکستان میں وہ اپنے مستقبل کے حوالے سے پریشان ہیں۔ اسی لئے وہ غلط طریقے سے بھی بیرون ملک جانے کا خطرہ مول لینے سے نہیں کتراتے۔ پاکستان کا برین ڈرین ہو رہا ہے ۔ سالانہ لاکھوں افراد بیرون ملک منتقل ہو رہے ہیں اور ارباب اختیار کو اس کا احساس تک نہیں ۔ یہ کس قدر تلخ اعداد وشمار ہیں کہ رواں سال

(محمد نورالہدیٰ)

میں اب تک 5 لاکھ کے لگ بھگ افراد اپنے بہتر مستقبل کی خاطر بیرون ممالک منتقل ہو چکے ہیں ۔ گذشتہ سال یہ تعداد 8 لاکھ سے زائد ریکارڈ کی گئی تھی ۔ برطانیہ، امریکہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، ملائشیا، ترکی سمیت دیگر ممالک کی آغوش میں پناہ لینے والے ان پاکستانیوں میں مزدور، ڈرائیور، انجینئرز، ڈاکٹرز سمیت دیگر اعلیٰ تعلیم یافتہ کے علاوہ ہنرمند افراد بھی شامل ہیں۔ اعداد وشمار یہ بھی بتاتے ہیں کہ دنیا کے تین خطوں، مشرق وسطی، یورپ اور شمالی امریکہ میں پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد مقیم ہو چکی ہے۔ایسا نہیں ہے کہ ان کیلئے پاکستان میں مواقع موجود نہیں، مواقع دستیاب ہوتے ہوئے بھی انہیں اپنے مستقبل کا خوف وخطرہ رہتا تھا۔ایسے برے حالات ہو چکے ہیں کہ ہر طرف مایوسی ہے ۔ روز "بجلی و پٹرول گردی" ہوتی ہے ۔ ایسے میں لوگ بیرون ملک منتقل ہونے کی کوشش نہیں کریں گے تو اور کیا کریں گے۔ پاکستان کو خیر باد کہنے والوں کی وجہ سے ملک میں جو خلا پیدا ہو رہا ہے،اس کا احساس کرنے کو کوئی تیار ہی نہیں ہے۔

بجلی، پٹرول اور ٹیکس گردی کے خلاف عوامی مطالبہ پہنچانے اور "نظرثانی" کی درخواست پر نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کو آئی ایم ایف کی جانب سے "کرارا جواب" مل چکا ہے۔ ممتاز بلاگر یوسف سراج نے ان حالات پر خوب تبصرہ کیا کہ "اقتدار پسندوں نے عام آدمی کی زندگی پر انگوٹھا رکھ دیا ہے اور اس انگوٹھے کا دباؤ مسلسل بڑھتا جا رہا ہے"۔

ہمارا آنے والا ہر حکمران پاکستان کو صنعتی طور پر دنیا کا طاقتور ملک بنانے کا وعدہ کرتا ہے۔ مگر ان وعدوں کے برعکس عام آدمی پر معاشی بوجھ بڑھتا جا رہا ہے ۔ جینا مشکل تر ہو گیا ہے۔قوت خرچ کم ہوتے ہوتے صفر پر آ رہی ہے۔ اخراجات تنخواہوں سے زیادہ ہو چکے ہیں ۔ کاروبار زندگی ٹھپ ہو رہا ہے۔ جو لوگ برسر روزگار ہیں، انہوں نے آمدن کا اضافی ذریعہ کیا ڈھونڈنا، حالات کی وجہ سے ان کی ملازمتیں ختم ہو رہی ہیں ...... دوسری جانب لاکھوں نوجوان بشمول ہنرمند ایسے ہیں جن کے پاس بیرون ملک جانے کیلئے وسائل نہیں ہیں مگر یہاں بھی انہیں روزگار کے مواقع میسر نہیں آ رہے ۔ پاکستان ایسے لوگوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر بنتا جا رہا ہے۔ یہ سمندر بپھر کر ایک بحران کی شکل اختیار کر رہا ہے ۔ ایسے افراد کے پاس جرائم کی دنیا میں قدم رکھنے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہ جاتا۔

ایسے میں فیصلہ کن قوتوں کو سوچنا ہوگا کہ ملک میں جس طرح مہنگائی ، بے روزگاری اور افراتفری بڑھتی جا رہی ہے ، اگر اس بھوک کا علاج کرتے ہوئے لوگوں کو ریلیف نہ دیا گیا تو پاکستان رفتہ رفتہ افرادی قوت سے محروم ہوتا جائے گا۔

Email- info@awamilalkaar.com
ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

سٹی نیوز

ربیع الاوّل کا مہینہ ہمیں سیرت طیبہ کو زندگی میں شامل کرنے کی طرف راغب کرتا ہے

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ربیع الاوّل کا مہینہ ہمیں سیرت طیبہ کو زندگی میں شامل کرنے کی طرف راغب کرتا ہے۔اس ماہ میں اہل ایمان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کی محافل کا انعقاد کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ربیع الاول کے موقع پر میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے علماء اور معززین اہلسنت کے ساتھ چئیر مین ٹاؤن کمیٹی ڈگری ڈاکٹر میر ذوالفقار علی خان تالپور نے خصوصی اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انکا مزید کہنا تھا کہ سیرت طیبہ ہمیں امن بھائی چارے اور رواداری کا درس دیتی ہے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درس بھی یہی ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کا دعوٰی انکی سیرت پر عمل کیے بغیر سچا ثابت نہیں ہوسکتا ۔ اس ماہ نور کو اس کے شایان شان منایا جائے گا ۔ ٹاؤن کمیٹی ڈگری اس حوالے سے ہر ممکن تعاون کرے گی سرکاری اسکولز میں محافل میلاد سرکاری اور نیم سرکاری عمارتوں پر چراغاں کرائی جائیں گی ۔اس موقع پر ڈی ایس پی ڈگری میر آفتاب تالپور نے خصوصی شرکت کی ۔ اس موقع پر معززین نے اپنے شکایات اور تجاویز سے چئیر مین کو آگاہ کیا ؟ چئیر مین ٹاؤن کمیٹی ڈاکٹر میر ذوالفقار علی خان تالپور نے مکمل تعاون اور معاونت کی یقین دہانی کروائی۔

ثمر بلور کی قیمتی انگوٹھی چوری، مقدمہ درج

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ثمر ہارون کی قیمتی ~~انگوٹھی گھر سے چوری ہوگئی، مقدمہ درج کرلیا~~ گیا۔سابق وفاقی وزیر مرحوم بشیر بلور کی بہو ثمر ہارون بلور نے تھانہ کوہسار میں انگوٹھی چوری کا مقدمہ درج کراتے ہوئے بتایا کہ چار کیرات ہیرے کی انگوٹھی مرحوم شوہر ہارون بشیر بلور نے تحفے میں دی تھی جسے ایک تقریب پر پہن کر گئی اور گھر آکر اتار کر رکھ دی لیکن بعد میں وہ وہاں سے نہیں ملی۔ثمر ہارون نے کہا ہے کہ انگھوٹی میں لگے ہیرے کی مالیت ایک کروڑ روپے سے زائد ہے، میرے گھر میں غیر متعلقہ افراد کا داخلہ نہیں، پانچ ملازمین کام کرتے ہیں جنہیں شامل تفتیش کرکے انگھوٹی برآمد کرائی جائے۔

سوئی ناردرن اور نیب کے زیراہتمام انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر سیمینار اور واک کا اہتمام

سوئی ناردرن بدعنوانی کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے،ایم ڈی سوئی ناردرن عامر طفیل

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن اور نیب کے زیراہتمام انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر سیمینار اور واک کا اہتمام کیا گیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مینجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن عامر طفیل نے کہا کہ سوئی ناردرن بدعنوانی کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے کہا کہ ادارے میں شفافیت کو فروغ دینے کے لیے پالیسی سازی کی جاتی رہتی ہے۔ ایم ڈی سوئی ناردرن نے کہا کہ بدعنوانی کے خاتمے کے لیے سوئی ناردرن نیب کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرتا رہے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر نیب لاہور عمران سہیل نے کہا کہ نیب کا مقصد بدعنوانی سے متعلق آگاہی پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی ملکی معیشت کے ساتھ ساتھ سماجی نظام کو بھی متاثر کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عام آدمی بدعنوانی کا سب سے بڑا شکار ہوتا ہے اس لیے نیب اس برائی کو جڑ سے اکھاڑنے کے عزم پر عمل پیرا ہے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر نیب عطیہ عظمت نے حاضرین کو نیب کے اغراض ومقاصد کے حوالے سے تفصیلی پریزینٹیشن دی۔ تقریب میں ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز) ارباب ثاقب سمیت کمپنی کی سینئر مینجمنٹ نے بھی شرکت کی۔

روزنامہ عوامی للکار کی خبر پر ایکشن اے سی گوجر خان کا تجاوزات مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن

اے سی گوجرخان کے احکامات پر سی او بلدیہ کی زیرنگرانی انفورسمنٹ انسپکٹرز اور ٹیم نے آپریشن میں حصہ لیا

تجاوزات قائم کرنے اور راستے بند کرنے کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی میاں مراد

گوجرخان (قمرشہزاد) شہر میں تجاوزات کے حوالے سے روزنامہ عوامی للکار کی خبر پر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ کا ایکشن اے سی گوجرخان کے احکامات پر سی او بلدیہ اظہر مجید کی زیر نگرانی انفورسمنٹ انسپکٹرز خواجہ بلال سلیم اور ملک فیض اللہ اور انکی ٹیم کا شہر میں تجاوزات مافیا (بقیہ نمبر11) کے خلاف کریک ڈاؤن تفصیلات کے مطابق اے سی گوجرخان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے تجاوزات کے حوالے سے میڈیا پر چلنے والی خبروں پر ایکشن لیتے ہوئے سی او بلدیہ کو تجاوزات کے خلاف آپریشن کرنے کے احکامات دیئے انکے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سی او بلدیہ نے اپنی زیر نگرانی لنڈا بازار، مین بازار، سبزی منڈی، بس سٹینڈ اور جی ٹی روڈ پر قابض تجاوزات مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے راستوں میں لگے ٹھیے، ریڑھیوں، کو لوڈر رکشوں میں ڈال کر بلدیہ آفس میں منتقل کر دیا اے سی گوجرخان نے تجاوزات مافیا کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو بھی تجاوزات قائم کرنے اور بازاروں کے راستے تنگ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی جلد ہی شہر میں پختہ اور عارضی تجاوزات کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر آپریشن شروع کیا جائے گا

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ۔اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے سیکرٹریٹ سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں قیمتوں کی چیکنگ کی، پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال اور مجموعی طور پر صفائی ستھرائی کا معائنہ کیا،اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانے عائد اور تنبیہ کی گئی۔اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے ڈینگی مانیٹرنگ ٹیموں کے ساتھ مختلف سائٹس یعنی ماربل فیکٹریوں، ورکشاپس، ٹائر شاپس، نرسریوں، کباڑ گاہوں وغیرہ پر ڈینگی ایس او پیز کی پابندی کو یقینی بنایا گیا اور ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر ایک کباڑ خانہ سیل کر دیا گیا۔

گیس چوری کریک ڈاؤن

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 664 گیس کنکشن منقطع، 46.3 ملین سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 664 گیس کنکشن منقطع کردیے، گیس چوری میں ملوث افراد پر46.3 ملین سے زائد کے جرمانے عائد کردیے گئے ہیں۔سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ،گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر73 کنکشن منقطع کیے جانے کے علاوہ گیس چوری پر سولہ لاکھ تین ہزار ایک سوبیس روپے کا جرمانہ عائد کیا۔گیس چوروں کے خلاف متعلقہ تھانوں میں دوایف آئی آر بھی درج کروادی گئیں ۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے نوگیس کنکشن منقطع کیے جبکہ گیس چوروں پر دولاکھ تیس ہزار روپے جرمانہ بھی کیا گیا۔ مردان میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 22 گیس کنکشن منقطع کردیے گئے۔گیس چوروں کے خلاف متعلقہ تھانوں میں ایک ایف آئی آر بھی درج کروادی گئی۔سرگودھا میں2.0hm3 کی گیس چوری پکڑی گئی جبکہ 11 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے9 گیس کنکشن منقطع اور متعلقہ تھانے میں گیس چوری کی ایک ایف آئی آر درج کروادی گئی۔گیس چوری کی مد میں 2لاکھ 24ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔گیس کے غیر قانونی استعمال پر گجرات میں کارروائیوں کے دوران ایک کنکشن منقطع جبکہ 1 لاکھ 68 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر22 کنکشن منقطع کردیے گئے۔ ساہیوال میں گیس لائن کی غیر قانونی منتقلی پر پانچ کنکشن منقطع کیے۔ ریجن نے گیس چوری پر تیس ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے۔فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران 10 کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 56ہزار کے جرمانے کیے۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر36 کنکشن منقطع کیے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 7 جبکہ گیس کے غیر قانونی استعمال پر19 کنکشن منقطع کردیے۔ملتان میں ریجنل ٹیم نے کمپریسر کے استعمال پر 7 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 10 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔شیخوپورہ میں گیس کے براہ راست استعمال اور غیر قانونی توسیع پر 7 کنکشن منقطع کردیے گئے۔

ملک بھر کی طرح فاروق آباد میں بھی آشوب چشم کی وبا تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے

فاروق آباد (یو این پی) آئی فزیشن (آپٹو میٹرسٹ) لیڈی ڈاکٹر عزم رحمان نے کہا ہے کہ ملک بھر کی طرح فاروق آباد میں بھی آشوب چشم کی وبا تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے آنکھوں سے پانی بہنا، آنکھوں میں خارش کے ساتھ شدید جلن ہونا اور آنکھوں کا سرخ رہنا اس وبا کی علامات ہیں آئی فزیشن ڈاکٹر عزم رحمان کا کہنا تھا کہ جن مریضوں کو یہ وبا لگ جائے انہیں چاہیئے کہ وہ اپنا تولیہ اور برتن وغیرہ الگ کرلیں اور سیاہ چشمے کا استعمال کریں ہاتھوں کی صفائی کا کاص خیال رکھیں اور مریض کے استعمال کا کپڑا تولیہ گھر کے دوسرے افراد نہ استعمال کریں۔

ضرورت نمائندگان
دنیا بھر سے میل/فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنسنز کی ضرورت ہے
0312-7786354

بقیہ بقیہ جات 1

مظاہرے کیے گئے۔ معاشی مشکلات کا شکار حکومت نے شروع میں عوام کو کچھ ریلیف دینے کے وعدے کیے لیکن بعد میں آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کے معاہدوں کا حوالہ دیتے ہوئے ریلیف کے امکان کو مسترد کر دیا۔ بدھ کے روز اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے ملاقات کے بعد نجی نیوز چینل 'جیو' سے بات کرتے ہوئے کرسٹالینا جارجیوا نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ یہ اس کے مطابق ہے، جو پاکستان کے عوام ملک کے لیے دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے پروگرام میں جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ یہ ہے کہ برائے مہربانی امیروں سے مزید ٹیکس وصول کریں اور پاکستان کے غریب لوگوں کا تحفظ کریں، مجھے یقین ہے کہ یہ اس کے مطابق ہے جو پاکستانی عوام ملک میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ ملاقات کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے ایک بیان میں آئی ایم ایف کی سربراہ نے کہا کہ ان کی پاکستانی وزیراعظم کے ساتھ ملک کے معاشی حالات سے متعلق ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے استحکام کو یقینی بنانے، پائیدار اور جامع ترقی کو فروغ دینے، ٹیکس وصولی کو ترجیح دینے اور پاکستان میں معاشی طور پر کمزور افراد کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے مضبوط پالیسیوں کی ضرورت پر اتفاق کیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

۔ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ملزم کو راولپنڈی سے گرفتار کیا گیا جس کے قبضے سے موبائل فون برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزم نے سوشل میڈیا پر شکایت کنندہ کو بدنام کیا تھا، ویڈیوز میں شامل دیگر ملزمان کے خلاف بھی کارروائی جاری ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق بیرون ملک مقیم ملزمان کی گرفتاری کے لیے انٹرپول سے بھی رابطہ کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) شرکت کرے گی۔ میسے فرینکفرٹ (ایچ کے) لمیٹڈ اور ویتنام ٹریڈ پروموشن ایجنسی پورے ٹیکسٹائل ویلیو چین کے لیے بین الاقوامی میلے کا اہتمام کریں گے۔ مشترکہ علاقائی، عالمی اور صنعت کی مخصوص مہارت کے ساتھ، ویتنام بین الاقوامی تجارتی میلہ برائے ملبوسات، ٹیکسٹائل اور ٹیکسٹائل ٹیکنالوجیز پر مشتمل بھرپور تیاریوں کے ساتھ شروع ہوگا۔ مذکورہ تین روزہ وسیع پلیٹ فارم ہو چی منہ سٹی کے سائیکون ایگزیبیشن اور کنونشن سینٹر (SECC) میں منعقد ہوگا۔ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان اپیرل، ٹیکسٹائل اور ٹیکسٹائل ٹیکنالوجیز 2024 میں پاکستان پویلین کے ساتھ شرکت کرے گی۔ میلے سے ویتنام کی مارکیٹ کو سمجھنے اور یہ کہ پاکستان میں خریداروں کو کس طرح بڑھانا ہے کے حوالے سے مدد ملے گی۔ اسٹینڈز صرف 8 لاکھ 95 ہزار روپے میں دستیاب ہیں جبکہ براہ راست اسٹینڈ کی قیمت تقریباً 12 لاکھ 20 ہزار روپے ہے۔ نمائش کنندگان اپنی درخواست 5 اکتوبر 2023 تک دے سکیں گے۔ ٹی ڈی اے پی ٹیکسٹائل ایکسپورٹ بڑھانے کیلئے سوٹنگز، لیڈیز ویئر، casualwear، کھیلوں کے لباس/فنکشنل فیبرکس، شرٹنگز، ڈینم، چھوٹے اور بڑے بچوں کے لباس، نٹ ویئر، نٹیڈ فیبرکس، ویونگ، ہوزری اور موزے، ملبوسات، گھریلو کپڑا، بیڈلینن اور کمبل، باتھ روم کا ٹیکسٹائل، کچن ٹیکسٹائل، پردے اور ٹولز، فرنیچر اور اپولسٹری، قالین، دیوار کا احاطہ، ٹیکسٹائل پروسیسنگ، ٹیکسٹائل مشینری اور پرنٹنگ مشینری کیلئے سبسڈی والے سٹال فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

نے جج ابوالحسنات ذوالقرنین کی خصوصی عدالت برائے آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں اپنے نامزد اٹارنی نعیم پنجوتھا کے ذریعے درخواست دائر کی تھی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے وکلاء لطیف کھوسہ، سمیر کھوسہ اور سلمان اکرم راجہ سے ملاقات کی درخواست دائر کی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے درخواست میں ڈاکٹر عاصم یوسف سے ملاقات کا بھی کہا۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست منظور کرلی جس کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی کو وکلاء اور ڈاکٹر عاصم یوسف سے ملاقات کی اجازت مل گئی۔

بقیہ بقیہ جات 5

بشریٰ بی بی نے مبینہ آڈیو لیک کے معاملے پر ایف آئی اے تحقیقات کے خلاف متفرق درخواست اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کردی۔ بشریٰ بی بی نے وکیل لطیف کھوسہ کے ذریعے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی ہے۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے دائر کی گئی درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ اس عدالت میں مرکزی کیس پہلے سے زیر سماعت ہے، 18 ستمبر کو عدالت نے ایف آئی اے کو قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت کی۔ درخواست میں کہا گیا کہ مرکزی کیس اب 30 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر ہے، کیس زیر التوا ہونے کے باوجود ایف آئی اے نے 19 ستمبر کو طلبی کا نوٹس جاری کر دیا۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے درخواست میں استدعا کی گئی کہ جب تک کیس زیر التوا ہے عدالت ایف آئی اے کا نوٹس معطل کرے، ایف آئی اے اگر کارروائی جاری رکھتا ہے تو اس سے پٹیشنر کے حقوق متاثر ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 6

ملزمان کی گرفتاری ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل اسلام آباد کے ہاتھوں عمل میں آئی ہے۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ ملزمان سی ڈی اے کے ریکارڈ میں خورد برد میں ملوث ہیں، ملزمان نے سی ڈی اے سیکٹر D-13 کے متعدد پلاٹس کی جعلی الاٹمنٹس کیں۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ گرفتار ملزمان نے سی ڈی اے کی جعلی این ڈی سیز جاری کیں۔ ترجمان ایف آئی اے نے کہا کہ ملزمان بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر، اسٹیٹ مینجمنٹ آفیسر اور ڈیلنگ اسسٹنٹ تعینات تھے۔

بقیہ بقیہ جات 7

کسی بھی کیس میں گرفتار نہ کرنے کے حکم پر عملدرآمد کرائے۔ پرویز الٰہی کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کے حکم پر عملدرآمد کرانے کے کیس کی لاہور ہائی کورٹ میں سماعت ہوئی۔ لاہور ہائی کورٹ نے کہا کہ اس درخواست میں تو نیب کو بھی فریق بنایا گیا ہے، سنگل بنچ نیب کیس کی کیسے سماعت کر سکتا ہے؟۔ پرویز الٰہی کے وکیل نے کہا کہ جو کیس نیب عدالت سے آئے وہ دو رکنی بنچ سماعت کرے گا۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ سنگل بنچ نیب کیس سماعت نہیں کر سکتا، جس پر لاہور ہائی کورٹ نے کہا کہ آپ بھی اپنا تحریری جواب عدالت میں جمع کرائیں، فریقین کو سن کر آئین اور قانون کے مطابق فیصلہ کریں گے۔ بعدازاں لاہور ہائی کورٹ نے درخواست پر سماعت 4 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 8

سپریم کورٹ کے ذرائع سے ملنے والی اطلاع کے مطابق جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے رجسٹرار آفس کو اہم ہدایت جاری کی ہیں، جس میں کہا گیا ہے کہ حساس مقدمات کی سماعت کو پریکٹس پروسیجر کیس کے فیصلے تک نہیں ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق تین اکتوبر تک حساس نوعیت کے مقدمات کو سماعت کیلئے مقرر نہیں کیا گیا کیونکہ ہدایت کے مطابق پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیس کے فیصلے کے بعد ہی ان مقدمات کی سماعت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 9

کر دیا۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کیس میں عدالت کا وقت ضائع کرنے پر وکیل پر جرمانہ کیا۔ دوران سماعت چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس میں کہا کہ وکیل نے متعلقہ دستاویزات دکھانے کے بجائے عدالت کا وقت ضائع کیا، درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو گمراہ کرنے کی کوشش کی۔ چیف جسٹس نے وکیل سے کہا کہ آپ کے اس عمل سے عدالت کو آپ پر اعتبار نہیں رہا، جرمانے کی رقم اپنی مرضی کے خیراتی ادارے میں جمع کرا کے رسید دیں۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ عدالتی وقت کے ضیاع پر آپ پر 1 لاکھ روپے جرمانہ کرنا چاہیے۔ وکیل محمد شعیب خان نے عدالت کے بار بار پوچھنے پر کوئی دستاویز پیش نہیں کی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

لاہور سے لندن کیلئے روانہ ہو گئے۔ شہباز شریف لندن میں ایک ماہ قیام کے بعد رواں ہفتے ہی واپس وطن پہنچے تھے اور صرف دو روز قیام کے بعد شہباز شریف ہنگامی طور پر دوبارہ لندن کے لئے روانہ ہوئے۔ شہباز شریف غیر ملکی ائیر لائن کی پرواز کیو آر 629 کے ذریعے لاہور سے براستہ دوحہ لندن کے لئے روانہ ہوئے۔ علاوہ ازیں پارٹی کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے بھی لاہور ائیر پورٹ سے لندن کے لئے روانہ ہوئیں۔ لاہور ائیر پورٹ پر شہریوں نے مریم نواز کے ہمراہ تصاویر اور سیلفیاں بنائیں اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بتایا گیا ہے کہ مریم نواز اپنی صاحبزادی کے داخلے کیلئے لندن روانہ ہوئی ہیں جبکہ وہ اپنے والد اور پارٹی قائد نواز شریف سے بھی ملاقات کریں گی جس میں انہیں ان کی وطن واپسی کی تیاریوں کے حوالے سے بریفنگ دیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہیں، نواز شریف پچ رپورٹ دیکھ کر ہی کریز پر آنے کا فیصلہ کریں گے، وہ ہوم گراؤنڈ پر بھی کنڈیشنز دیکھ کر کھیلنا چاہ رہے ہیں تاہم انکے واپس آنے یا نہ آنے سے آئی پی پی کی سیاست کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ سابق وزیراعظم کی دوبارہ لندن روانگی پر ردعمل دیتے ہوئے فردوس عاشق اعوان کا کہنا تھا کہ نواز شریف پچ رپورٹ دیکھ کر ہی کریز پر آنے کا فیصلہ کریں گے، وہ ہوم گراؤنڈ پر بھی کنڈیشنز دیکھ کر کھیلنا چاہ رہے ہیں، (ن) لیگ شاید کسی ''سپر لیگ'' مقابلوں کی منتظر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میچ سے قبل ٹاس کے لئے کپتان کا گراؤنڈ میں آنا ضروری ہوتا ہے، دیکھتے ہیں کہ نواز شریف ٹاس کے لئے خود میدان میں اترتے ہیں یا کسی اور کو بھیجتے ہیں۔ رہنما آئی پی پی کا کہنا تھا کہ ہماری جماعت کی سیاست میں آمد کی وجہ سے مقابلے سنسنی خیز ہوں گے، آئی پی پی اپنی عوام دوستی سے دیگر پارٹیوں کو شکست دے گی، آئی پی پی دیگر پارٹیوں کی طرح پولیٹیکل ڈیفالٹر نہیں ہے، نواز شریف کے واپس آنے یا نہ آنے سے آئی پی پی کی سیاست کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔

بقیہ بقیہ جات 12

چوری میں ملوث پائے گئے، 435 بجلی چوروں کے خلاف ایف آئی آرز کی درخواستیں متعلقہ تھانوں میں دائر کر دی گئیں جن میں سے 239 ایف آئی آرز رجسٹرڈ ہو چکی ہیں، اس دوران 30 ملزمان کو گرفتار بھی کیا گیا۔ لیسکو ترجمان کے مطابق پکڑے جانے والے کنکشنز میں انڈسٹریل 1، کمرشل 20 اور 418 ڈومیسٹک تھے، تمام کنکشنز منقطع کر کے ان کو 311,042,1 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 4 کروڑ 65 لاکھ 79 ہزار 204 روپے بنتی ہے۔ ترجمان کے مطابق بجلی چوروں کے خلاف کئے جانے والے آپریشن میں بڑے کمرشل صارفین بھی بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، ان تمام کے کنکشنز بھی منقطع کئے گئے اور ان کو ڈٹیکشن یونٹس چارج کئے گئے۔ احمد ٹاؤن مومن پورہ میں انڈسٹریل کنکشن کو 280,341 یونٹس پر 200,651,13 روپے، موہنی روڈ داتا دربار میں کنکشن کو 826,17 یونٹس پر 000,900 روپے، ملک پارک شاہدرہ میں کنکشن کو پکڑے جانے پر 600,6 یونٹس پر 000,200 روپے، یوسف پارک جیا موسی میں کنکشن کو 000,5 یونٹس پر 000,250 روپے کی رقم چارج کی گئی۔ لیسکو ریجن میں پندرہ روز کے آپریشن کے دوران کل 6525 کنکشن چیک کئے گئے، 5873 کنکشن کے خلاف ایف آئی آر کی درخواستیں جمع کروائی گئیں جن میں سے 5048 درخواستیں رجسٹرڈ ہو چکی ہیں جبکہ کل 411 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ بجلی چوروں کو اب تک 926,432,14 یونٹس چارج کئے گئے ہیں جن کی رقم 62 کروڑ 39 لاکھ 26 ہزار 586 روپے بنتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

بندیوں کی حتمی فہرست 30 نومبر کو شائع کی جائے گی۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ اس کے بعد 54 دن کے الیکشن پروگرام کے بعد انتخابات جنوری 2024 کے آخری ہفتے میں کرا دیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سیاسی جماعتوں کے ساتھ مشاورت اور ان کی آرا کی روشنی میں حلقہ بندی کے کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کیلئے اس کے دورانیے کو کم کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ حلقہ بندی کی حتمی اشاعت اب 30 نومبر 2023 تک کردی جائے گی، اگرچہ حلقہ بندی کی مدت میں کمی کے باوجود بھی اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد 90 روز کے اندر انتخابات کے انعقاد سے متعلق آئینی شق کی خلاف ورزی ہوگی۔ قومی اسمبلی کی تحلیل کے 90 روز میں انتخابات کرانے کی آئینی مدت کے مطابق انتخابات 7 نومبر ہونے چاہیے تھے، تاہم الیکشن کمیشن کی جانب سے سامنے آنے والے اس اعلان سے انتخابات میں کئی ماہ تک کی تاخیر کے خدشات دم توڑ جائیں گے اور بے یقینی کا خاتمہ ہوگا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات سے متعلق سیاسی جماعتوں، الیکشن ایجنٹوں اور انتخابی امیدواروں کے لیے ضابطہ اخلاق کا ڈرافٹ جاری کرتے ہوئے مزید مشاورت کے لیے سیاسی جماعتوں کو 4 اکتوبر کو دعوت دی۔ الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ آئندہ عام انتخابات کے لیے الیکشن کمیشن نے سیکشن 233، الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت ضابطہ اخلاق پر مشاورت کے لیے سیاسی جماعتوں کا اجلاس 4 اکتوبر 2023 کو دوپہر 2 بجے الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ میں طلب کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اس سلسلے میں ضابطہ اخلاق کے ڈرافٹ کی ایک کاپی بھی سیاسی پارٹیوں کے سربراہان کو بھیج دی گئی ہے تاکہ مشاورت کے وقت وہ ضابطہ اخلاق پر بہتر انداز میں اپنا فیڈ بیک دے سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

رجسٹری منسوخ کر دی گئی ہے، لال حویلی کی رجسٹری جعلی نہیں تھی، کارروائی کے بعد منسوخ کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ لال حویلی کو مکمل سیل کر دیا گیا ہے، یہ کوئی انتقامی کارروائی نہیں ہے۔ ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر نے بتایا کہ شیخ رشید اپیل میں جاسکتے ہیں، ان کے پاس قانونی راستہ موجود ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ سال 16 اکتوبر 2022 کو ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک راولپنڈی نے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ کو 7 روز میں لال حویلی خالی کرنے کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس نوٹس کی وصولی کے 7 روز کے اندر جائیداد خالی کریں، بصورت دیگر قانون کے تحت بذریعہ پولیس بے دخل کر دیا جائے گا۔ بعدازاں 19 اکتوبر 2022 کو شیخ رشید نے لال حویلی خالی کرنے کا حکم ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں چیلنج کیا تھا، انہوں نے وکیل کے ذریعے درخواست میں موقف اختیار کیا تھا کہ اس سے متعلق عدالت میں کیس زیر سماعت ہے، لال حویلی سے بے دخلی کا نوٹس اور کارروائی غیر قانونی ہے۔ اس کے بعد 30 جنوری 2023 لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کی درخواست پر متروکہ وقف املاک کو ان کی رہائش گاہ لال حویلی ڈی سیل کرتے ہوئے ملحق 7 یونٹس کا معاملہ 15 روز میں نمٹانے کا حکم دے دیا تھا۔ واضح رہے کہ لال حویلی بوہڑ بازار کے مرکز میں واقع ہے اور شیخ رشید کا سیاسی دفتر یہیں قائم ہے۔ تقسیم ہند سے قبل یہ حویلی ہندو خاتون کے پاس تھی اور 1980 میں جب شیخ رشید نے سیاست میں قدم رکھے تو یہ حویلی سیاسی حب کی حیثیت اختیار کر گئی۔ یاد رہے کہ چند روز قبل عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کو راولپنڈی کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا تھا۔ شیخ رشید کے وکیل ایڈووکیٹ سردار عبدالرازق خان نے ڈان نیوز ڈاٹ ٹی وی سے گفتگو کے دوران گرفتاری کی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ شیخ رشید کو نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں واقع ان کے گھر سے سول کپڑوں میں ملبوس لوگ گرفتار کر کے لے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 15

کر دی۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت وکیل ریاض حسین نے کہا کہ کے پی حکومت اور کسٹم کے ری فنڈ سے متعلق نوٹیفکیشن موجود ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے استفسار کیا کہ آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کے تمام قوانین کے لیے الگ الگ نوٹیفکیشن ہونا چاہیے؟ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ الگ نوٹیفکیشن اس صورت میں ہوتا ہے جب خصوصی حیثیت برقرار ہو۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے سوال کیا کہ درخواست گزار پاکستان میں رہتا، کھاتا، پیتا ہے تھوڑے سے ٹیکس کی ادائیگی میں اسے کیا مسئلہ ہے؟ ٹیکس کے پیسے آئیں گے تو سڑکیں، پل اور اسکول بنیں گے۔ درخواست گزار نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں انکم ٹیکس لاگو نہیں ہوسکتا، 37 لاکھ روپے کا ادا کردہ ٹیکس ری فنڈ چاہتے ہیں۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ قبائلی علاقوں کا اب وہ اسٹیٹس نہیں رہا، ان کا کے پی میں انضمام ہو چکا ہے۔ واضح رہے کہ مانسہرہ کے محمد طاہر نے 2011ء میں 37 لاکھ روپے انکم ٹیکس ادا کرنے کے ری فنڈ کے لیے درخواست دائر کی تھی۔ ہائی کورٹ نے ٹیکس ٹریبونل کے 37 لاکھ روپے ری فنڈ کرنے کے فیصلے کو معطل کر دیا تھا۔ سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے نظر ثانی کی اپیل خارج کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 16

بتایا کہ ایوی ایشن کے شعبے کے لیے ریگولیٹر ادارہ بنانے کی تجویز وفاقی وزیر فواد حسن فواد نے دی ہے۔ وزیراعظم سیکرٹریٹ کے ذرائع کے مطابق یہ ادارہ پیمرا، اوگرا اور نیپرا کی طرز پر بنایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ریگولیٹر پی آئی اے کی نجکاری سے پیدا ہونے والے خلاء کے بعد معاملات کا جائزہ لے گا۔ وزیراعظم سیکرٹریٹ کے ذرائع نے بتایا کہ سول ایوی ایشن کا ریگولیٹر ایوی ایشن کے شعبے میں کارٹلز کے قیام کو روکے گا۔ وزیراعظم سیکرٹریٹ کے ذرائع نے بتایا کہ کم منافع بخش روٹ پر پروازیں چلانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزیراعظم سیکرٹریٹ کے ذرائع نے بتایا کہ نجی شعبے میں چلنے والی تمام فضائی کمپنیوں کو کم منافع بخش روٹس پر پروازیں چلانے کے لیے فریم ورک دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 17

پر سماعت چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے مبینہ غیر شرعی نکاح سے متعلق کیس کی سماعت 25 ستمبر ملتوی کر دی گئی۔ سماعت کے دوران بشریٰ بی بی کے وکیل نعیم پنجوتھا اور پراسیکیوٹر رضوان عباسی عدالت میں پیش ہوئے، سماعت شروع ہونے پر نعیم پنجوتھا ایڈووکیٹ نے بشریٰ بی بی کی حاضری سے استثنٰی کی درخواست دائر کر دی، جس پر عدالت کے جج نے ریمارکس دیے کہ عدالتی فیصلہ سناتے وقت بشریٰ بی بی کی پیشی یقینی بنائی جائے، عدالت کے دائرہ اختیار پر دلائل دینے سے قبل وکلاء مزید معلومات اکٹھی کریں۔ عدالت نے سماعت 25 ستمبر تک کیلئے ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 18

امتیازی عدالت نے ڈاکٹر شاہد بیگ کو چیئرمین پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کے عہدے پر بحال کر دیا۔ جمعرات کو دوران سماعت وکلاء کے دلائل مکمل ہونے پر عدالت نے ڈاکٹر شاہد بیگ کی درخواست منظور کرتے ہوئے انہیں پاکستان سائنس فاؤنڈیشن میں بطور چیئرمین عہدے پر بحال کرنے کا حکم سنا دیا، عدالت نے ڈاکٹر شاہد بیگ کو دو ماہ کی جبری رخصت پر بھجوانے کا آرڈر کالعدم قرار دے دیا۔ ایم پی ون سکیل کے ڈاکٹر شاہد بیگ کو 7 اگست کو جبری رخصت پر بھجوایا گیا تھا، چیئرمین پاکستان سائنس فاؤنڈیشن کا اضافی چارج گریڈ 20 کے جوائنٹ سیکرٹری کو دیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

کے کرپشن کیسز دوبارہ کھل گئے ہیں۔ احتساب عدالت نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کرتے ہوئے پہلا کیس کھول دیا جو کہ رینٹل پاور کرپشن کیس ہے، بحال کیے گئے اس پہلے کیس میں احتساب عدالت نے سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کو طلب کرلیا۔ حساب عدالت (نیب کورٹ) میں نیب کی درخواست پر رینٹل پاور کیس کی سماعت ہوئی۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ اس کیس میں ٹرائل کا دائرہ اختیار اسی عدالت کا بنتا ہے۔ احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے نیب کی درخواست پر کیس میں سابق اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز کی طلبی کا سمن جاری کر دیا اور کہا ہے کہ اس کیس میں فرد جرم عائد ہو چکی ہے۔ اس طرح احتساب عدالت نے فرزانہ راجہ کے خلاف بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں خورد برد ریفرنس میں دلائل طلب کر لیے۔ عدالت نے فرزانہ راجہ سمیت دیگر ملزمان کو نوٹس جاری کرتے ہوئے دائرہ اختیار پر دلائل طلب کیے ہیں۔ احتساب عدالت اسلام آباد نے مزید بحال شدہ کیسز پر کارروائی کرتے ہوئے لوک ورثہ اسلام آباد کے فنڈ میں خورد برد ریفرنس پر روبینہ خالد سمیت شریک ملزمان کو 4 اکتوبر کو طلب کرتے ہوئے سمن جاری کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

کے شرکاء سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر سندھ میڈیا فورم (SMF) کے صدر معین اللہ شاہ، نائب صدر شبیر احمد غوری، جنرل سیکرٹری صدیق چوہدری، سینئر جوائنٹ سیکرٹری خالد خان، مشاورتی کمیٹی کے چیئرمین آصف جنے جاہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ میڈیا فورم کی سالانہ تقریب جنوری 2024 میں انشاء اللہ ہوگی۔ جس میں سندھ بھر سے سندھ میڈیا فورم کے عہدیداران و کارکنان مجلس عاملہ بھرپور شرکت کریں گے

بقیہ بقیہ جات 21

کے موقع پر چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا ویڈیو پیغام ایکسپو کی افتتاحی تقریب میں چلایا گیا، چین۔ عرب ممالک کے چھٹے ایکسپو کا ینشوان، چین میں آغاز ہوگیا ہے۔ یہ ایکسپو 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہے گی۔ چیئرمین سینیٹ نے اپنے ویڈیو پیغام میں چین۔ عرب ممالک ایکسپو کی 10 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان کی طرف سے مبارکباد دی۔ انہوں نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ یہ ایکسپو خیالات کے تبادلے، ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے، اختراعات، اور باہمی ترقی کیلئے رابطے کا ایک اہم ذریعہ ہے، عرب ممالک اور خاص طور پر سعودی عرب کی ایکسپو میں شمولیت انتہائی خوش آئند ہے۔ چین۔ عرب سٹیٹس ایکسپو سے خطہ مزید ترقی کرے گا، اور معاشی خوشحالی کا بھی ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ عرب ممالک بالخصوص سعودی عرب کے تعاون اور موجودگی انتہائی خوش آئند ہے۔ ثقافتوں اور معیشتوں کو فروغ دینے میں ان کا کردار سب سے اہم ہے۔ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ چین اور عرب ممالک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات ہماری پائیدار شراکت داری اور اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے، سی پیک، ہمارے تعاون کا سنگ بنیاد ہے جو نہ صرف ہماری قوموں کیلئے ترقی کی ضمانت ہے بلکہ چین اور عرب ممالک کے درمیان ایک اہم راہداری کا بھی ذریعہ ہے۔ اس ایکسپو سے چین کے مجوزہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو (BRI) کے بھی دس سال پورے ہو گئے ہیں، ہمیں خطے میں ابھرتی ہوئی آئی ٹی کے سابقت کے تناظر میں بروقت سرمایہ کاری اور پیش رفت کو یقینی بنانا چاہیے۔ چیئرمین سینیٹ نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ترقی کے مشترکہ ویژن کے حصول کیلئے ہمیں مشترکہ منصوبوں جیسے ٹیکنالوجی، تجارت، ٹورزم، کھیل اور دیگر شعبوں میں مواقع تلاش کرنے چاہئے۔ صدر شی جن پنگ اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان جیسے بصیرت والے لیڈرز کی موجودگی سے میں مستقبل کے بارے میں پر امید ہوں، اس قسم کے ایکسپو سے سرمایہ کاری کے مزید مواقع فراہم ہوں گے، پاکستان بھی سرمایہ کاری کیلئے ایک اہم ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین، سعودی عرب اور دیگر عرب ممالک پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، خطے کی ترقی اور غربت کے خاتمے کیلئے ہمیں آپس میں دوطرفہ تعلقات سمیت تجارتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ہمیں موسمیاتی تبدیلی کے عالمی چیلنج کو بھی نہیں بھولنا چاہیے اور اس سے نمٹنے کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا عالمی سطح پر کاربن اخراج کے حوالے سے انتہائی کم حصہ ہے لیکن موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک، موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے پاکستان کی معاونت کریں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ ایکسپو اور ہماری مستقبل کی کوششیں ایک خوشحال، ہم آہنگی اور باہم مربوط مستقبل کی راہ ہموار کرے گی، اس چار روزہ ایونٹ میں سعودی عرب، موریطانیہ سمیت 50 سے زائد ممالک شرکت کر رہے ہیں، رواں سال کے ایکسپو میں تجارتی ایونٹس، تجارت اور سرمایہ کاری، جدید زراعت، سرحد پار تجارت، ثقافتی سیاحت، صحت، آبی وسائل کے استعمال اور موسمیاتی تعاون سے متعلق فورمز شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات محمد علی درانی نے جمعرات کو یہاں ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں ملکی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 23

ایچ او نوازش علی پر وکیل صفائی نے جرح مکمل کرلی۔ جمعرات کو سماعت کے دوران مرکزی ملزم شاہنواز کو عدالت پیش کر دیا گیا، پراسیکیوٹر رانا حسن عباس، سارہ انعام کے وکیل راؤ عبدالرحیم، وکیل صفائی بشارت اللہ خان عدالت پیش ہوئے جبکہ سارہ انعام کے والد انعام الرحیم اور ملزم شاہنواز کے والد ایاز میر کمرہ عدالت میں موجود تھے، دوران سماعت گواہ ایس ایچ او نوازش علی نے اپنا بیان ریکارڈ کروایا جس کے بعد جرح کے دوران وکیل صفائی نے استفسار کیا کہ آپ نے عدالت میں بتایا کہ میں پٹرولنگ ڈیوٹی پر موجود تھا، یہ آپ نے ایف آئی آر میں نہیں لکھی اور نہ فون کال کا ذکر کیا کہ کس کی طرف سے آئی، جس پر گواہ نے بتایا کہ جی میں ڈیوٹی پر موجود تھا، وکیل صفائی نے استفسار کیا کہ آپ نے بیان دیا کہ لڑکی نے کالی شلوار پہن رکھی تھی جو خون آلود تھی یہ بات بھی استغاثہ میں نہیں لکھی، آپ کا ایک ہی بیان ہے 161 کا جو 23 تاریخ کا ہے 25 کو شامل تفتیش ہونے کا بیان نہیں، جس پر گواہ نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ جی ایک ہی بیان ہے، وکیل صفائی نے گواہ کہا کہ آپ نے نعش کے ساتھ پوسٹ مارٹم رپورٹ نہیں بھیجی، دو درخواستوں پر موجود دستخط اور ہینڈ رائٹنگ مختلف ہے، جب آپ نے رپورٹ لکھائی آپ کو آلہ قتل کا تو علم تھا تو لکھا کیوں نہیں، استغاثہ میں لکھا گیا مقتولہ کے سر پر زخم تھا رپورٹ میں نہیں۔ راؤ عبدالرحیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ سارہ انعام کے والد نے اپنے بیان میں لکھوایا ہے کہ سر پر ڈمبل مار کر قتل کیا، گواہ نوازش علی نے کہا کہ ڈاکٹر نے کہا کہ وجہ موت سر پر لگی چوٹ ہے اس لئے صرف اسی کا ذکر کیا، وکیل صفائی کی جانب سے گواہ نوازش علی سے ابتدائی تفتیش اور رپورٹ کے حوالے سے سوال کیے گئے اور کہا گیا کہ واقع کا کوئی چشم دید گواہ نہیں آپ بھی نہیں، وکیل صفائی کی جانب سے ایس ایچ او نوازش علی پر جرح مکمل کر لینے پر عدالت کے جج نے کہا کہ 26 تاریخ رکھ لیتے ہیں، جس پر مقتولہ کے وکیل نے کہا کہ 26 تاریخ کو میں نے کراچی پیش ہونا ہے، عدالت نے ہدایت کی کہ تفتیشی افسر اگلی سماعت پر اپنا بیان ریکارڈ کروائیں اور کیس کی سماعت 27 ستمبر تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 24

سے مشروط ہے، ایس آئی سی ایف کے تحت پانچ بڑے شعبوں میں سرمایہ کاری کے اہداف مقرر کیے ہیں، مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے خلیجی ممالک سے معاہدے ہوں گے۔ نگراں وزیر خارجہ نے کہا کہ خلیجی ممالک پاکستان میں بڑے شراکت دار ہیں، خصوصی سرمایہ کاری کونسل کے تحت سرمایہ کاروں کو سہولتیں دی جارہی ہیں، پاکستان میں سرمایہ کاری کے بہت زیادہ مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری کونسل کا بڑا ہدف عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کرنا ہے، چین پاکستان کا ایک بہترین اور قابل اعتماد دوست ہے، چین نے سی پیک کے تحت پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان سی پیک کی دسویں سالگرہ منا رہے ہیں، سی پیک کے اگلے مرحلے میں زراعت اور ریلوے پر توجہ دی جارہی ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے سے ملک میں قیمتیں بڑھیں۔ جلیل عباس نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گرد گروپ ہمسایہ ملکوں سے کارروائیوں میں ملوث ہیں، افغانستان کالعدم ٹی ٹی پی کے پاکستان میں حملوں پر کارروائی کرے، افغانستان اپنی سرزمین کسی بھی ملک کے خلاف استعمال نہ کرنے کو یقینی بنائے۔

بقیہ بقیہ جات 25

اجازت نہیں دے سکتے۔ راشد لنگڑیال نے سوشل میڈیا پر اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف مہم زوروں پر جاری ہے، اب تک 6 ارب روپے وصول کر لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آخری 7 دن میں بجلی چوروں سے 5 ارب روپے وصول کیے اور 1500 بجلی چور گرفتار کر لیے۔ لیسکو نے بجلی چوروں سے 1 ارب 45 کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد ریکور کر لیے۔ راشد لنگڑیال نے کہا کہ لیسکو میں 4 ہزار 928 ایف آئی آرز کا اندراج کیا گیا، لیسکو ریجن سے اب تک 406 بجلی چوروں کو گرفتار کیا گیا، حیسکو نے بجلی چوروں سے 1 ارب 21 کروڑ 40 لاکھ روپے ریکور کیے۔ سیکرٹری پاور نے کہا کہ حیسکو میں 310 ایف آئی آرز اور 31 افراد کو گرفتار کیا گیا، میپکو میں 80 کروڑ 50 لاکھ روپے کی ریکوری کی گئی، میپکو میں 3 ہزار 497 ایف آئی آرز اور 249 گرفتاریاں ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ سیپکو میں اب تک 70 کروڑ روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی ہے، سیپکو میں 325 ایف آئی آرز کا اندراج اور 234 گرفتاریاں ہوئیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

عدالت لاہور کے ڈیوٹی جج سید احمد ورک نے مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم شہباز شریف سمیت دیگر کے خلاف آشیانہ اقبال ریفرنس پر سماعت کی۔ دیگر ملزمان حاضری کے لئے احتساب عدالت میں پیش ہوئے جبکہ سابق ڈی جی لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) احد خان چیمہ کی ایک روز کی حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی گئی۔ احتساب عدالت نے شہباز شریف سمیت دیگر بریت کی درخواستوں پر وکلاء سے حتمی دلائل طلب کرتے ہوئے سماعت 5 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 27

میں کہا کہ ملکی معیشت کی بہتری کے لئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، منافع بخش کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے اور مالی نقصانات کے ازالے کے لئے وزارت خزانہ کمپنیوں و اداروں کی مدد کرے گی، حکومت نے حکومتی کمپنیوں کے قانون کا مسودہ بنالیا ہے، کابینہ کی کمیٹی ان کمپنیوں کی مالی حالت درست بنانے کیلئے کام کرے گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ دور میں خسارے والے بینکوں کو منافع بخش بنایا گیا، سرکاری کمپنیوں کے نقصانات کی بنیادی وجہ میرٹ کے بغیر تعیناتیاں ہیں، اب بورڈز میں ماہرین کو رکھا جائے گا چیئرمین بھی میرٹ میں لگایا جائے گا، ان کمپنیوں کو پیپرا قانون سے استثنیٰ دیا جائے گا، سی ای او کی منظوری وفاقی کابینہ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزارت خزانہ میں سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ قائم کیا جائے گا اور فنانشل نقصانات کے ازالے کیلئے حکومت مدد کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 28

آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے گزشتہ سال پاکستان میں سیلاب کے دوران ان کی غیر متزلزل حمایت اور بحالی و تعمیر نو کے فریم ورک (4 آر ایف) پر جنیوا کانفرنس کی مشترکہ میزبانی پر سیکرٹری جنرل کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے موسمیاتی تبدیلی کے سنگین خطرات کے پیش نظر ترقی یافتہ ممالک کی جانب سے موسمیاتی مالیاتی وعدوں کی تکمیل کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو پاکستان میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی پیشرفت سے آگاہ کیا جس کا مقصد ملک کی مضبوط اقتصادی بحالی کے لیے سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ وزیراعظم نے پائیدار ترقی کے اہداف کو تقویت دینے اور ایس ڈی جیز ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لئے تجویز کردہ اقدامات کے لئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عالمی مالیاتی تبدیلی کے مطالبے کو سراہا۔ وزیراعظم نے 5 اگست 2019 کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں غیر قانونی اور یک طرفہ اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل کو بھارت کی طرف سے جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے تنازعے کے حل کے لئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد کروانے پر زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

پولیو ٹاسک فورس ملک بھر میں بچوں کو پولیو ویکسین، معمول کے حفاظتی ٹیکوں اور دیگر ضروری صحت کی خدمات پہنچانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے شریک چیئرمین بل گیٹس سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں پولیو کے خاتمے، صنفی مساوات، غذائیت اور مالیاتی شمولیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ رواں سال ملک کے ہر علاقے میں پولیو وائرس کی منتقلی کو روکنا ممکن ہوگا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نگران حکومت اور نیشنل پولیو ٹاسک فورس ملک بھر میں بچوں کو پولیو ویکسین، معمول کے حفاظتی ٹیکوں اور دیگر ضروری صحت کی خدمات پہنچانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ بل گیٹس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان میں پولیو کا خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے خاص طور پر افغانستان کے ساتھ سرحد پار منتقلی کو روکنے اور جنوبی صوبہ خیبر پختونخوا میں ویکسینیشن مہم جاری رکھنے میں دلچسپی ظاہر کی۔ انہوں نے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر اور نگران حکومت پر بھی اعتماد کا اظہار کیا کہ وہ پولیو وائرس کی منتقلی کے خاتمے کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے پاکستان میں غذائیت اور مالیاتی شمولیت کی کوششوں کو بہتر بنانے کے لیے جدت طرازی اور تسلیم شدہ طریقوں کو بڑھانے میں وزیراعظم کو حمایت کا یقین دلایا۔ وزیراعظم اور بل گیٹس نے اس بات پر بھی تبادلہ خیال کیا کہ کس طرح ان ترجیحات میں بہتری صنفی مساوات کی کوششوں کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ خواتین اور لڑکیاں اپنی صحت، مالیات اور مستقبل کو ترجیح دے سکیں اور اپنے معاشروں میں رہنما بن سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

پر بھارت کی ریاستی سرپرستی میں ہونے والے قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لے۔ صدر مملکت نے کینیڈا میں سکھ رہنما کے قتل پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ بھارت اور بھارت سے باہر اقلیتی گروہوں کی قیادت پر ظلم کرنا اور انہیں ختم کرنا بھارت کی پالیسی رہی ہے، سکھ رہنما کے بہیمانہ قتل نے بھارت کا اصل چہرہ بے نقاب کر دیا، بھارت اقلیتی گروہوں کے خلاف عدم برداشت کا مظاہرہ کرتا آیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بھارت کئی دہائیوں سے مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسلمانوں اور دیگر اقلیتی گروہوں کے خلاف دہشت گردی جاری رکھے ہوئے ہے، مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم، اقلیتوں پر ظلم و ستم اور ان کی عبادت گاہوں کو مسمار کرنے پر دنیا کی خاموشی اور بے عملی نے بھارت کو غیر ملکی سرزمین پر ایسی کارروائیوں کا حوصلہ دیا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ یہ ایک کھلا راز ہے کہ بھارت ہمسایہ ممالک کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرتا رہا ہے، بھارت فالس فلیگ آپریشنز، پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے عسکریت پسندوں کی تربیت، فنڈنگ اور مدد سے خطے میں مسائل اور عدم استحکام کا سب سے بڑا باعث ہے، افسوس کہ دنیا ایسی باتوں پر خاموش رہنے کا انتخاب کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں۔ پی آئی اے کی نجکاری کیلئے ضروری بیلنس شیٹ ری اسٹرکچرنگ کیلئے مالی مشیر کی خدمات طلب کرلی گئی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی آئی اے کی مالی تنظیم نو کیلئے مختلف منصوبوں پر مالی مشیر سے تجاویز لی جائیں گی، جس میں پی آئی اے کو دو کمپنیوں میں تقسیم کرنے یا پی آئی اے کو ایک ہولڈنگ کمپنی کے ماتحت ادارہ بنانے کی تجاویز شامل ہیں۔ پی آئی اے کے تمام اثاثے بشمول جائیدادیں، تمام قرضہ جات، جہاز اور ملازمین نئی کمپنی کو منتقل کر دیئے جائیں گے اور پی آئی اے ایک بحیثیت مالی طور پر صاف یا قرضوں سے پاک کمپنی کو نجکاری کیلئے سرمایہ کاروں کو پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی آئی اے کے 147 ارب روپے کے اثاثوں کے مقابلے میں قرضوں کی مالیت 742 ارب روپے ہے، زیادہ تر قرضے 2003 سے ہونے والے خسارے کو پورا کرنے کیلئے لئے گئے جس پر پی آئی اے پر 150 ارب سالانہ کی ادائیگیوں کا بوجھ پڑتا ہے۔ قومی ایئر لائن کی نجکاری کیلئے ایئر لائن کا آپریشن جاری رہنا انتہائی ضروری ہے۔ گذشتہ روز وزیر نجکاری فواد حسن فواد کی زیر صدارت اجلاس نگران وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کی جانب سے پی آئی اے کی نجکاری کے لیے مقرر کردہ ہدف کو پورا کرنے کے لیے منعقد ہوا تھا۔ جس میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کے معاملے پر واضح ٹائم لائن پر اتفاق کیا گیا، فواد حسن فواد نے پی آئی اے انتظامیہ اور ایوی ایشن ڈویژن سمیت مختلف سٹیک ہولڈرز کے ساتھ تفصیلی بات چیت کی، جو پی آئی اے کی ری سٹرکچرنگ اور نجکاری کے عمل پر مرکوز تھی۔

بقیہ بقیہ جات 32

تاکہ عام آدمی کو بااختیار بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ قائد میاں محمد نواز شریف ہی اس ملک و قوم کیلئے حقیقی مسیحا ہیں جنہوں نے اپنے ہر دور حکومت میں ملک کو مضبوط بنانے کیلئے کردار ادا کیا اب بھی میاں محمد نواز شریف کے ہاتھوں مہنگائی کی زنجیر ٹوٹے گی اور ملک ترقی و خوشحالی کی منزل کی جانب رواں دواں ہو گا۔ ڈاکٹر محمد اقبال مغل نے کہا کہ انشاء اللہ 21 اکتوبر کو نواز شریف واپس وطن آئیں گے اور پارٹی کی انتخابی مہم کی قیادت کریں گے، نواز لیگ دوبارہ دو تہائی اکثریت سے برسراقتدار آئیگی، انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف چوتھی مرتبہ وزیراعظم منتخب ہونگے تو ہی عوام کا معیار زندگی بلند ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 33

میں اضافے کا اثر ہر چیز پر پڑے گا اور اشیا ضروریہ کے نرخ مزید بڑھیں گے جو پہلے ہی آسمان سے باتیں کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ نگران حکومت نے عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈال کر عوام دشمنی کا ثبوت دیا ہے، عوام اور پاکستان کو معاشی اور معاشرتی طور پر کنگال کر دیا گیا ہے، اب عوام کوئی استحصالی اقدام برداشت نہیں کریں گے پاکستان کی غریب عوام نے پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں اضافہ کے فیصلہ کو مسترد کر دیا ہے اگر اسے فوری واپس نہ لیا گیا تو شہر شہر گاؤں گاؤں میں احتجاج ہوگا اور پوری قوم سڑکوں پر ہوگی، چوہدری شاہد علی خان نے کہا کہ عوام استحصال کا شکار ہیں اور نگران حکومت بند کمروں میں بیٹھ کر فیصلے کر رہی ہے وقت آ گیا ہے کہ اقتدار اور اختیار عوام کے منتخب نمائندوں کے سپرد کیا جائے جس کیلئے فوری عام انتخابات کا انعقاد یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 34

میگھوال نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کاپیوں میں آئین کی تمہید کا اصل ورژن دیا گیا، جب آئین وجود میں آیا تو اس میں سوشلسٹ اور سیکولر کے الفاظ نہیں تھے۔ ارجن میگھوال کے مطابق یہ الفاظ 1976 میں آئین کی 42 ویں ترمیم میں شامل کیے گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 35

جمہوریت کی ماں کہتا ہے جس کی قلعی کھل چکی ہے۔ میاں عامر رزاق نے کہا کہ بھارت کا جمہوری تماشہ صرف لفظی جمع خرچ کے سوا کچھ نہیں، حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے، بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو گیا ہے، بھارت پاکستان میں بھی دہشتگردی کی کارروائیوں میں ملوث ہے، کلبھوشن یادیو کی گرفتاری اس کا منہ بولتا ثبوت ہے، عالمی برادری کو بھارت کی جانب سے دوسرے ممالک میں دہشتگرد کارروائیوں کا سختی سے نوٹس لینا چاہیے

بقیہ بقیہ جات 36

30 لاکھ روپے بٹورے، ملزم بغیر لائسنس اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کا کام کر رہا تھا، ملزم پیسے وصول کر کے روپوش ہو گیا تھا۔ دوسری کارروائی میں کمپوزیٹ سرکل بہاولپور نے ملزم منصور اکرم کو بہاولپور سے گرفتار کرلیا، ملزم نے متاثرہ سے بیرون ملک ملازمت کے نام پر 2 لاکھ روپے بٹورے، ملزم پیسے وصول کرنے کے بعد شکایت کنندہ کو بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہا۔ ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کر 50.17 فیصد اور پانچ سالہ مدت کے سرٹیفکیٹس پر 50.13 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کر دی گئی ہے۔ امریکی ڈالر میں تین ماہ کی مدت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 7 فیصد سے بڑھا کر 25.8 فیصد، 6 ماہ کی مدت کے لئے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 20.7 فیصد سے بڑھا کر 50.8 فیصد، 12 ماہ 50.7 فیصد سے بڑھا کر 9 فیصد، تین اور پانچ سالہ مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 8 فیصد کی سطح پر برقرار رکھی گئی ہے۔ برطانوی پاؤنڈ میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر تین ماہ کی مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 50.5 فیصد سے بڑھا کر 25.7 فیصد، 6 ماہ کی مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 6 فیصد سے بڑھا کر 50.7 فیصد، 12 ماہ کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 7 فیصد سے بڑھا کر 8 فیصد جبکہ تین اور پانچ سالہ مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی موجودہ شرح 50.7 فیصد پر برقرار رکھی گئی ہے۔ حکام کے مطابق یورو میں تین ماہ کی مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 4 فیصد سے بڑھا کر 25.6 فیصد، 6 ماہ کی مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 50.4 فیصد سے بڑھا کر 50.6 فیصد، ایک سالہ مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 5 فیصد سے بڑھا کر 7 فیصد کر دی گئی ہے جبکہ تین اور پانچ سالہ مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع کی موجودہ شرح 50.6 فیصد برقرار رکھی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے کہا کہ مبینہ تشدد کا شکار بچے کا علاج معالجہ جاری ہے، تشدد کا شکار بچے کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 39

میں ڈینگی کا ایک، ایک نیا مریض سامنے آیا۔

بقیہ بقیہ جات 40

پاکستان کے مرکزی رہنما صاحبزادہ محمد فاروق انصاری نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کو اللہ پاک نے سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا۔ اس ماہ ربیع الاول کے مہینہ میں مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان بھر میں سیرت النبی کے موضوع پر کانفرنسز اور پروگرامات منعقد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ نبی پاک کی سیرت طیبہ ایسی جامع اور مکمل ہے جس میں بنی نوع انسان کے لئے ہر شعبہ حیات میں ہدایت و رہنمائی موجود ہے۔ آپ پوری انسانیت کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہیں۔ اس آفاقی پیغام کو ہر گھر تک پہنچائیں۔ اس ملک گیر سیرت النبی کانفرنسز کا مقصد ملک میں امن، بھائی چارہ، سادگی پڑوسیوں کے حقوق کھانا کھلانا صدقہ، آزمائش میں اللہ سے تعلق کو مضبوط اور اس وقت ملک جن معاشی پریشانی اور آزمائش میں مبتلا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

سے 416862 روپے ریکوری کر کے دکانوں کو کھول دیا گیا۔ یاد رہے کہ رائے ونڈ شہر اور قرب و جوار میں ریلوے حکام کی ملکیتی درجنوں دکانوں سے محکمہ کو بھاری آمدن وصول ہو رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ زخمیوں میں مدثر 35 سال، شہزاد 40 سال، چن محمد 45 سال، فضل 30 سال اور مدثر 24 سال شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

بڑا اور اہم ایشو ہے۔ جسے کوئی بھی فرد نظرانداز نہیں کر سکتا، نگران حکومت نے جس طرح پٹرول کی قیمتیں بڑھائی ہیں یوں محسوس ہوا ہے کہ نظام حکومت چلانا نگران حکومت کے بس سے باہر ہوتا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی مسائل کا حل صرف مسلم لیگ کی قیادت نواز شریف کے پاس ہے جو ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن کر سکتے ہیں مسلم لیگ نے اپنے ہر دور حکومت میں ترقی خوشحالی امن و امان کی بنیاد رکھی۔

بقیہ جات 44

بجائے 28 نومبر تک کا وقت مانگ لیا ہے۔ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس بار ملز مالکان کا کارٹل کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، اگر بروقت اکتوبر میں کرشنگ شروع ہوئی تو چینی کی قیمت 140 روپے سے نیچے آ جائے گی۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ماضی میں ہمیشہ حکومت نے شوگر مالکان کا ہی ساتھ دیا، صارفین کا ہر سال استحصال ہوتا رہا ہے، اس سال کرشنگ سیزن کو 28 اکتوبر سے آگے نہیں جانے دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 45

کو شہید کیا تاہم بھارتی فورسز کی وحشیانہ اور غیر انسانی کارروائیوں پر عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی طرف سے خاموشی انتہائی قابل افسوس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

کیا جائے اس سلسلے میں قلیل المدتی اور طویل المدتی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے غیر مسلموں کے ساتھ مکالمے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ تہذیبوں کی جنگ نہیں بلکہ ایک دوسرے سے ناواقفیت کی جنگ ہے، ہمارا دین انسانیت اور اس کی خدمت کی بات کرتا ہے، پوری انسانیت اللہ تعالی کا کنبہ ہے اور خدائی کنبہ کی خدمت ہم پر فرض ہے۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ ہم حکومتوں اور مذہبی رہنماؤں کی سطح پر مکالمے کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر عبدالکریم العیسی سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی نے کہا کہ پاکستان عالم اسلام کا اہم ترین ملک ہے، پاکستان پر جب بھی نظر ڈالتے ہیں ہماری قوت میں اضافہ ہوتا ہے، تصورامت کے حوالے سے اور عالم اسلام میں پاکستان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ نومبر میں پاکستان آ کر سیرت میوزیم کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

ایگریکلچر آفیسر ڈاکٹر اسفند یار نے بتایا کہ انسداد پولیو مہم کے لیے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، مہم کو سو فیصد کامیاب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور اس ضمن میں مائیکرو پلان کے مطابق عملدرآمد کیا جائے گا تاکہ گزشتہ خامیوں کا سو فیصد ازالہ ہو سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیو کا ہر راؤنڈ اہمیت کا حامل ہے لہٰذا متعلقہ سٹاف اپنی ذمہ داریاں کما حقہ پوری کرے اور دوران مہم والدین کی آگاہی کے لیے تمام تشہیری ذرائع بروئے کار لائے جائیں تاکہ ان میں احساس ذمہ داری برقرار رہے۔ انہوں نے کہا کہ تحصیلوں میں بھی انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں معمولی سی کوتاہی کی بھی گنجائش نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

کاشت کی جاسکتی ہے لیکن اچھی پیداوار کیلئے گہری میرا زمین اور اگیتی پیداوار کیلئے ریتلی میرا درکار ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چکنی زمین میں کئی جڑوں والی چھوٹی چھوٹی گاجر بننے کا امکان ہوتا ہے جبکہ بہت زیادہ نامیاتی مادہ والی زمین میں بھی گاجر کی کوالٹی اور رنگت خراب ہوجاتی ہے لہٰذا خوبصورت لمبی اور ہموار گاجر پیدا کرنے کیلئے ہلکی میرا زمین ہی بہتر رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاجر کی ترقی دادہ قسم ٹی 29 ہے جو کہ اعلیٰ پیداواری صلاحیت کی حامل ہے اور بیماریوں کے خلاف بہتر قوت مدافعت رکھتی ہے۔ پنجاب میں گاجر کی پچھیتی کاشت اکتوبر کے آخر تک جاری رہتی ہے اور ستمبر کا تیسرا ہفتہ پنجاب میں اس کی کاشت کیلئے نہایت موزوں ہے جبکہ درآمد شدہ اقسام نومبر تا دسمبر کاشت ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بوائی سے پہلے اگر بیج 12 گھنٹے پانی میں بھگو لیا جائے تو شرح اگاؤ میں اضافہ ممکن ہے نیز اچھی قسم کا صحت مند اور زیادہ روئیدگی والا بیج جو جڑی بوٹیوں سے پاک وصاف ہو استعمال کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تجربات کی روشنی میں 6 سے 8 کلوگرام بیج ایک ایکڑ کیلئے کافی ہوتا ہے مگر اگیتی فصل کی صورت میں شرح بیج کو 15 کلوگرام فی ایکڑ تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاجر لمبی جڑ والی فصل ہے اسلئے اگر زمین اچھی طرح تیار نہ ہو اور اس میں مٹی کے ڈلے اور گوبر کی کچی کھاد موجود ہو تو گاجر کی شکل اور رنگ پوری طرح نشوونما نہیں پاتی لہٰذا زمین خوب گہرائی تک نرم اور بھربھری ہونا ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

اسی مدت میں 056.283 ملین ڈالر تھا۔ مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں باسمتی چاول کی برآمدات میں 29.8 فیصد کی شرح سے نمو ہوئی۔ اس مدت میں 84709 میٹرک ٹن باسمتی چاول کی برآمدات سے 73.94 ملین ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 79257 میٹرک ٹن چاول برآمد کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 50

اقتدار کے دوران جس انداز میں ملک کو بچانے کیلئے تمام جماعتوں کو اکٹھا کر کے ترقیاتی کاموں سمیت ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے پالیسیوں کو اپنایا اس کی مثال نہیں دی جا سکتی، انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب یہ ملک ایک بار پھر اپنے پیروں پر کھڑا ہوگا اور (ن) لیگ اقتدار حاصل کرنے کے بعد نا صرف مہنگائی بلکہ ملکی معیشت و عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 51

کہ ہمارے لیے بڑے افسوس کا مقام ہے کہ ہم زبان و بیان سے تو عشق رسول ﷺ کے راگ الاپتے رہتے ہیں، حب رسول ﷺ کے نعرے لگاتے ہیں مگر عملی میدان میں اور محبت قلبی کے اعتبار سے، ہم حب رسول ﷺ سے کوسوں دور ہو چکے ہیں، صرف زبان خرچی کے طور پر دعویٰ عشق رسول ﷺ ہے، ورنہ ہمارے اطوار اور ہمارا لباس ہمارے اخلاق، ہماری معاشرت، ہماری تجارت، ہمارے معاملات، ہماری سیاست، ہماری تعلیم و تربیت غرضیکہ زندگی کے تمام شعبوں سے ہم نے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ نکال دیا ہے، بلکہ اس پر مستزاد یہ کہ ہمارے معاشرہ کا جدید تعلیم یافتہ اور جاہل تو جاہل، اب عالم طبقہ بھی سنت رسول ﷺ پر عمل کرنے والوں کو اجنبی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ان کے ساتھ اجنبی سلوک کرتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی معنوں میں اپنے نبی ﷺ کے فرمان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 52

مولانا طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی دعائیں اور وفائیں اپنے فوجی جوانوں کے ساتھ ہیں جو یقینا قیام امن اور پاکستان سے دہشت گرد عناصر کا صفایا کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے دہشتگردوں کی سرکوبی کیلئے پاکستان کی پیشہ ور فورسز کو ملی کامیابیاں خوش آئند ہیں۔ عوام اپنی پاک فوج کے شہیدوں کے وارث فوجی جانبازوں کیخلاف کوئی سازش یا محاذ آرائی برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کا ادارہ واحد ادارہ ہے جو ملک گیر سطح پر ہر ایمرجنسی میں عوام کی جان و مال کی حفاظت کرتا ہے اور ہر مشکل وقت میں کام آتا ہے، پاک فوج اس ملک کی سرحدوں کی محافظ ہے اس کی عزت و توقیر ہر حال میں مقدم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

ملک میں قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے نظام مصطفیٰ کے عملی نفاذ کی جنگ لڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی انتخابات کی تیاریوں میں مصروف ہے ان شاء اللہ 2024 کے عام انتخابات میں جے یو آئی ملک کی سب سے بڑی جماعت ثابت ہوگی باجوڑ دھماکہ اور مستونگ دھماکہ کے مجرموں کا نہ پکڑے جانا لمحہ فکریہ ہے ریاستی ادارے جے یو آئی کے رہنماؤں کو تحفظ دینے کیلئے خصوصی اقدامات کریں۔

بقیہ بقیہ جات 54

لاہور مس سمعیہ کی جانب سے کیا گیا۔ تقریب میں پی او سی جی کے چیئرمین ملک کامران، پی او سی جی لاہور کے صدر عدنان چوہدری، سینئر نائب صدر اعجاز چٹھہ، کلچرل ونگ لاہور کی سیکرٹری مس سمعیہ سمیت دیگر نے شرکت کی۔ ندیم پہلوان نے کہا کہ ملک کو اوورسیز پاکستانی ملک کو موجودہ مشکل معاشی حالات سے باہر نکالنے میں کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ ان سے رابطے بڑھائے تاکہ ان کا اعتماد بحال ہو، اوورسیز پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد ملک میں سرمایہ کاری کرنا چاہتی ہے لیکن وہ یہاں کے سرخ فیتے کی وجہ سے خوفزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ، سپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کا قیام انتہائی خوش آئند ہے اور امید ہے اس سے نہ صرف غیر ملکی بلکہ بیرون ممالک مقیم پاکستانی بھی سرمایہ کاری کیلئے راغب ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 55

کے مطابق انہوں نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ مملکت نے تمام سوڈانی قوتوں کو جدہ آنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے سوڈان میں جنگ زدہ علاقوں میں امداد کی فراہمی کے لیے محفوظ راہداریوں کے قیام کی ضرورت پر زور دیا اور ساتھ ہی امداد دینے والے ممالک اور اداروں پر زور دیا کہ وہ سوڈان میں جنگ سے متاثرہ علاقوں کے شہریوں کی مدد کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں۔ سعودی وزیر خارجہ کے خطاب سے قبل اقوام متحدہ کے انسانی ہمدردی کے کوآرڈینیٹر مارٹن گرفتھس کی جانب سے خبردار کیا گیا تھا کہ سوڈان میں جاری تنازع بیرون ملک سے ہتھیاروں کی آمد کی وجہ سے بگڑ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالات خراب ہو رہے ہیں اور پورے خطے کے استحکام کو خطرہ لاحق ہے۔ انہوں نے سوڈان کے تمام فریقوں سے جدہ مذاکرات میں واپس آنے کا مطالبہ بھی کیا۔ اس موقع پر مصری وزیر خارجہ سامح شکری نے زور دیا کہ قاہرہ نے سوڈان میں بحران کے سیاسی اور انسانی پہلوؤں سے نمٹنے کے لیے ایک ایکشن پلان تیار کیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کے ملک میں جنگ کے آغاز سے لے کر اب تک 000,300 سے زیادہ سوڈانی پناہ لے چکے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ سوڈان کے پڑوسی ممالک کو اکیلے بحران کا خمیازہ نہیں اٹھانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 56

کے رکن مرکزی سیاسی کمیٹی و ڈویژنل صدر پروفیسر پیر محمد آصف رضا قادری نے PP-98 کے زیراہتمام 61 چک میں ''مشعل بردار میلاد ریلی'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آپ کے خلق حسنہ سے کائنات میں ایک عظیم انقلاب برپا ہوا۔ آپ نے تاریکیوں کے دور میں توحید و رسالت کی شمعیں جلا کر انسانیت کو ان کے مالک حقیقی کی پہچان کروائی۔ آپ کے قول و فعل کی بدولت یہ معاشرہ امن و امان اور ایثار و اخلاص کا گہوارہ بنا۔ آپ نے جاہلانہ طریق ختم کر کے انسانیت کو پروقار زندگی اپنانے کی تعلیم دی۔ آج امت مسلمہ کی زوال پذیری آپ کے اسوہ حسنہ کو پس پشت ڈال دینے کی وجہ سے ہے۔ نبی کریم انسانی حقوق کے سب سے بڑے علمبردار ہیں۔ آپ کے بنائے ہوئے قوانین ہر انسان، ہر نسل، ہر قوم اور ہر ملک کے لیے بلاامتیاز رنگ و نسل ہیں۔ آپ کی حیات مبارکہ تمام زمانوں اور جہانوں کے لیے رحمت و راحت اور نجات کا وسیلہ ہے۔ محمد عادل قادری، محمد آصف مغل، مولانا غلام محی الدین، سید محسن شاہ، مولانا قمر عباس مصطفائی، مولانا یاسر عطاری و دیگر نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج دشمنان اسلام دین محمدی کو انتہاپسندی اور دہشت گردی کی طرف منسوب کرنے کی ناپاک سازشیں کر رہے ہیں۔ فاتح اعظم ہونے کے باوجود آپ کی زندگی کا ہر پہلو ایسا نادر حکمت سے لبریز تھا جس کی نظیر ملنا محال ہے۔ آج نبی کریم کی سیرت، تاریخ کی ترجمانی کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے۔ ریلی کے اختتام پر ملکی ترقی سلامتی و استحکام اور ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ بقیہ جات 57

العزت اس مبارک مہینے کے صدقے پاکستان کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنائے اور اس خوشیوں بھرے مہینے کے طفیل ملت اسلامیہ کو اتحاد و یکجہتی کی لڑی میں پروئے۔ انہوں نے کہا کہ آقا و جہاں حضرت محمد سے محبت ہمارے ایمان کا اہم جزو ہے حضرت محمد مصطفیٰ کی ذات باعث تخلیق کائنات ہے زندگی کے ہر شعبے میں سیرت طیبہ مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ربیع الاول شریف وہ مبارک مہینہ ہے جس میں حضور اکرم کی تشریف آوری سے ہی ہمیں ایمان کی دولت نصیب ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 58

انٹرنیشنل کونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر میں اختتام پذیر ہوئی۔ سعودی عرب کے اپنے افتتاحی دورے میں رتزابی نے ایک ایسا ٹکڑا تیار کر کے شکریہ ادا کرنے کی کوشش کی جس میں سعودی قومی دن بھی منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے فوڈیکس نے ایک ایسا ٹکڑا بنانے کو کہا جو چند دنوں میں ہونے والے سعودی قومی دن سے متعلق ہو۔ میں نے اس شاندار چیلنج کا خیرمقدم کیا اور سعودی پرچم کے لوگو کو متاثر کن بنا دیا۔ چیمپئن چاکلیٹ ایوارڈ 2023 فاربیٹ کنسیپٹ برانز رتزابی کو چاکلیٹ کی دنیا میں آرٹ لانے کی امید ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک مجسمہ ساز ہوں اور جانتی ہوں کہ چاکلیٹ کے ساتھ کیسے کام کرنا ہے لیکن میں چاکلیٹیئر نہیں ہوں۔ لہذا میں جو کام کر رہی ہوں اس کی سطح میوزیم کی سطح اور گیلری کی سطح ہے۔ میں ان شیپس پر مشتمل نہیں ہوں جو میں بنا رہی ہوں، میں مواد کے سامنے نہیں جھکتی، مواد میرے آگے جھکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

نے اپنے دفتر میں لیگی کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف وہ شخص ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اور عوام نے تین بار وزیراعظم بنایا لیکن انہیں خدمت کا دور پورا نہ کرنے دیا گیا، نواز شریف کو کبھی اقامہ کبھی اور ڈرامے کے ذریعے اقتدار سے نکالا گیا تاہم نواز شریف نے نو سال کے تین ادوار میں بھی پاکستان کی مثالی خدمت کی، نواز شریف نے نو سال میں کراچی سے خیبر تک، سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر تک خدمت کی۔ نواز شریف کو اقامہ پر نکالنے کے بعد ملک آج تک سنبھل نہیں سکا۔ میاں نواز شریف کو ہٹا کر بدلہ پاکستان سے لیا گیا، تمام ذمہ داران کٹہرے میں ہونے چاہئیں۔ میاں حسیب امجد نے کہا کہ پوری قوم بالخصوص پاکستان کا نوجوان قائد نواز شریف سے اپنے امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہے کیونکہ باشعور نوجوان اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے کہ ان کے خوابوں کو اگر کوئی پورا کر سکتا ہے تو وہ صرف نواز شریف ہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

ترسیلات زر کی بنیاد پر اخذ کیے گئے ہیں، بہت سی کمپنیاں غیر مستحکم پالیسی اور ایکس چینج ریٹ کی وجہ سے منافع پاکستان لانے کے بجائے باہر رکھنے کو ترجیح دے رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی دو ماہ کے دوران آئی ٹی کی برآمدات 5 فیصد اضافے کے ساتھ 449 ملین ڈالر رہی ہیں، اگست میں نیٹ آئی ٹی ایکسپورٹ ماہانہ بنیادوں پر 7 فیصد اور سالانہ بنیادوں پر 3 فیصد اضافے کے ساتھ 204 ملین ڈالر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

ہوئے کیا۔ اس موقع پر لاہور ٹیکس بار کے صدر زاہد پرویز، جنرل سیکرٹری اعجاز بھی، نائب صدور پاکستان ٹیکس بار کے عہدیدار طاہر محمود بٹ، عامر شہزاد، شہباز قادر، شہباز صدیق، رانا کاشف ولائت، عامر ریحان اور چوہدری اصغر جالندھری سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ریویو آف سیلز ٹیکس ریٹرن ریوائز کرنے پر ڈیٹا اپڈیٹ ہونا چاہیے لیکن کلیم نہ ہو تو ڈیٹا اپڈیٹ کرنے کی اجازت نہیں دیتا، ریٹرن ریوائز کرنے کے لیے قانون میں کمشنر کی اجازت لینا نہیں ہے، ہولڈنگ آف سیلز ٹیکس کو سسٹم کیپٹل گین کے ٹیکس کو زیرو کر دیتا ہے جبکہ تین چار سال کے درمیان میں ٹیکس کی پیمنٹ بنتی ہے اسی طرح پرافٹ اینڈ ڈیبٹ میں بھی ایرر آ رہا ہے جس کی وجہ سے ٹیکس پریکٹیشنر اور ٹیکس دہندگان دونوں مشکل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر ان مسائل کا نوٹس لے کر سسٹم میں موجود خامیاں اور ریٹرن میں موجود پیچیدگیوں کو دور کرے۔

بقیہ بقیہ جات 62

کے ساتھ ہے۔ جہاں تک ان انسپکٹرز کا تعلق ہے جو قابل اعتماد ہیں وہ ایران میں اپنا کام جاری رکھ سکتے ہیں۔ رئیسی نے مزید کہا کہ تہران کا یہ فیصلہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے مغربی ارکان کے بعض غیر منصفانہ بیانات کے جواب میں آیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

سے ہوا تھا، دسمبر 2017 کی جنرل اسمبلی کی قرارداد کے ذریعے اس دن کو عالمی دن کا درجہ دیا گیا، اس سال پہلے سماعت سے محروم افراد کی اشاروں کی زبان کے عالمی دن کے موقع ہر سال اس عالمی دن کا نیا موضوع رکھا جاتا ہے جس کے ذریعے سماعت سے محروم افراد کو درپیش مسائل اجاگر کیے جاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 64

نہیں برتی جائے گی۔ محکمہ تحفظ ماحولیات فیصل آباد کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد نواز نے بتایا کہ محکمہ کے حکام نے سموگ روک تھام کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر گزشتہ دو ہفتوں میں ایکشن لیتے ہوئے ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے پر 42 فیکٹریوں کو دھواں کنٹرول کرنے والے آلات کی درستگی کیلئے ایک ہفتہ کی مہلت دیدی جبکہ 18 فیکٹریوں کو سربمہر، 10 کو 10 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ اور 11 فیکٹریوں کے مالکان کیخلاف مقدمات درج کروائے ہیں۔ علاوہ ازیں زگ زیگ ٹیکنالوجی کی خلاف ورزی پر 12 بھٹہ جات کے مالکان کے خلاف مقدمات درج، 18 کو سیل اور 11 بھٹوں کی انتظامیہ کو 13 لاکھ روپے جرمانہ بھی کیا گیا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات نے بتایا کہ شہر کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنے کیلئے فیکٹریز، بھٹہ جات اور ویکلز کی چیکنگ کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے اور خلاف ورزی پر سخت ترین ایکشن لیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 65

کے مطابق انہوں نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ مملکت نے تمام سوڈانی قوتوں کو جدہ آنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے سوڈان میں جنگ زدہ علاقوں میں امداد کی فراہمی کے لیے محفوظ راہداریوں کے قیام کی ضرورت پر زور دیا اور ساتھ ہی امداد دینے والے ممالک اور اداروں پر زور دیا کہ وہ سوڈان میں جنگ سے متاثرہ علاقوں کے شہریوں کی مدد کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں۔ سعودی وزیر خارجہ کے خطاب سے قبل اقوام متحدہ کے انسانی ہمدردی کے کوآرڈینیٹر مارٹن گرفتھس کی جانب سے خبردار کیا گیا تھا کہ سوڈان میں جاری تنازع بیرون ملک سے ہتھیاروں کی آمد کی وجہ سے بگڑ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالات خراب ہو رہے ہیں اور پورے خطے کے استحکام کو خطرہ لاحق

وقت کا تقاضا ہے امت کے تصور کو بحال کیا جائے نگران وزیر مذہبی امور

امت کی غربت کا خاتمہ کیسے کیا جائے اس سلسلے میں قلیل المدتی اور طویل المدتی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، نگران وزیر مذہبی امور

پاکستان پر جب بھی نظر ڈالتے ہیں ہماری قوت میں اضافہ ہوتا ہے، تصور امت کے حوالے سے اور عالم اسلام میں پاکستان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا

ریاض (بیورو رپورٹ) نگران وزیر مذہبی امور انیق احمد نے سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی ڈاکٹر عبدالکریم العیسی سے ملاقات کی جس میں امت مسلمہ کو درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر مذہبی امور نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ امت کے تصور کو بحال کیا جائے، رابطہ عالم اسلامی کے تعاون سے پاکستان میں سیرت میوزیم کا قیام خوش آئند ہے۔ انیق احمد نے کہا کہ جدید علوم کا حصول ہماری دینی ضرورت ہے، امت مسلمہ کو درپیش آج کے جدید مسائل میں اسلاموفوبیا، موسمیاتی تبدیلی اور الحاد کا بڑھتا ہوا طوفان شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امت کی غربت کا خاتمہ کیسے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)

لاہور: شہری ٹرین میں خطرناک طریقے سے سفر کر رہے ہیں

مہنگائی کی زنجیر ٹوٹے گی، نواز شریف ہی ملک وقوم کیلئے حقیقی مسیحا ہیں، ڈاکٹر محمد اقبال مغل

مسلم لیگ ن کے ہر دور حکومت میں محنت کش دیہاڑی دار مزدور طبقہ خوشحال ہوا، رہنماء ن لیگ کی گفتگو

خالق نگر (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کاہنہ کے سینئر رہنماء ڈاکٹر محمد اقبال مغل نے کہا ہے کہ نواز شریف کی وطن واپسی کا حتمی اعلان سیاسی جماعتوں پر بجلی بن کر گرا ہے، قوم کو مشکل صورتحال سے نکالنے والا واحد لیڈر نواز شریف ہے، انہوں نے کہا کہ جب بھی مسلم لیگ ن کا دور حکومت آیا محنت کش دیہاڑی دار مزدور طبقہ خوشحال ہوا ملکی ترقی ممکن ہوئی اور ملکی دفاع مضبوط ہوا، ڈاکٹر محمد اقبال مغل نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے اپنے دور حکومت میں بلدیاتی اداروں کو اہمیت دی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ناقابل قبول ہے، چودھری شاہد علی خان

نگران حکومت نے عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈال کر عوام دشمنی کا ثبوت دیا ہے، رہنماء ن لیگ کی گفتگو

خالق نگر (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ لاہور ڈویژن کے نائب صدر چودھری شاہد علی خان نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ناقابل قبول ہے، انہوں نے کہا کہ نگران حکومت کے اس اقدام کو ہم مسترد کرتے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ یہ عوام دشمن فیصلہ فوری واپس لیا جائے، چودھری شاہد علی خان نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

بھارتی آئین کی انگریزی کاپی سے سوشلسٹ اور سیکیولر کے الفاظ غائب

آئین کی کاپی میں سوشلسٹ اور سیکیولر کے الفاظ نہ ہونا تشویشناک ہے، کانگریس رہنما ادھیر رنجن

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت کے آئین کی انگریزی کاپی سے سوشلسٹ اور سیکیولر کے الفاظ غائب کردیے گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اپوزیشن جماعتوں نے اس معاملے کو آئین پر حملہ قرار دے دیا ہے۔ پارلیمنٹ کی نئی عمارت کے افتتاح پر ارکان کو یہ کاپیاں دی گئی تھیں۔ کانگریس کے رہنما ادھیر رنجن نے کہا کہ آئین کی کاپی میں سوشلسٹ اور سیکیولر کے الفاظ نہ ہونا تشویشناک ہے، بی جے پی کی نیت مشکوک ہے، یہ سنجیدہ معاملہ ہے جسے اٹھایا جائے گا۔ دوسری جانب وزیر قانون ارجن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

خالصتان تحریک کے حامی سکھ رہنما کے قتل سے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہوگیا' میاں عامر رزاق

بھارت نے ہمیشہ دہشتگردی پھیلائی' صدر پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن

لاہور (بیورو رپورٹ) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے کہا ہے کہ کینیڈا میں خالصتان تحریک کے حامی سکھ رہنما ہردیپ سنگھ کے قتل سے بھارت کا مکروہ چہرہ ایک بار پھر پوری دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے، بھارت نے ہمیشہ دہشتگردی پھیلائی اور اب واضح ثبوت ملنے کے بعد اسے دہشتگرد ملک قرار دے دینا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کینیڈا کا بھارتی سفارتکار کو ملک چھوڑنے کا حکم مودی سرکار کے منہ پر طمانچہ ہے، بھارت اپنے آپ کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

لاہور لیسکو کا عملہ بجلی چوری کے خلاف آپریشن کے دوران میٹر چیک کر رہا ہے

ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی سمگلنگ
ویزا فراڈ میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل لاہور اور بہاولپور نے کارروائیاں کر کے انسانی سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں احسن صدیق اور فاروق اسلم شامل ہیں۔ ملزم فاروق اسلم کو اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل لاہور نے گرفتار کیا، ملزم نے متاثرہ شہری کو بیرون ملک آسٹریلیا بھجوانے کے غرض سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی
شرح میں 6 فیصد تک اضافہ

لاہور (بیورو رپورٹ) حکومت نے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں اضافہ کردیا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالے سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق پاکستانی کرنسی میں تین ماہ کی مدت کیلئے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح 15 فیصد سے بڑھا کر 21 فیصد کردی گئی۔ اعلامیے کے مطابق 6 ماہ کی مدت کیلئے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس پر منافع 25.15 فیصد سے بڑھا کر 25.21 فیصد، 12 ماہ کی مدت کے سرٹیفکیٹس پر 50.15 فیصد سے بڑھا کر 50.21 فیصد، تین سالہ مدت کے سرٹیفکیٹس پر 14 فیصد سے بڑھا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا لاہور
میں 13 سالہ بچے پر مدرسے کے معلم
کے مبینہ تشدد کے واقعہ کا نوٹس

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے ملت پارک لاہور میں 13 سالہ بچے پر مدرسے کے معلم کے مبینہ تشدد کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم کو متاثرہ بچے اور اس کے لواحقین سے رابطہ کی ہدایت کردی۔ انہوں نے کہا کہ ملت پارک میں معلم نے 13 سالہ بچے کو مبینہ تشدد کا نشانہ بنایا، 13 سالہ بچے انس کو بارش کی وجہ سے چھٹی کرنے پر معلم نے تشدد کیا، چھٹی پر معلم قاری شعیب نے بچے کو ڈنڈوں سے مارا اور زمین پر پٹختا رہا۔ پولیس نے کارروائی کرتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں
107 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق

لاہور (بیورو رپورٹ) گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں 107 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق لاہور میں 36، راولپنڈی میں 32، ملتان میں 17، فیصل آباد میں 4، گوجرانوالہ میں 6، شیخوپورہ اور جھنگ میں 2، 2، مظفر گڑھ، سیالکوٹ، گجرات، رحیم یار خان، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور چکوال (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا' متحدہ علماء کونسل

اقوام متحدہ بھارتی بدمعاشی کا نوٹس لے اور ''را'' کو دہشتگرد تنظیم ثابت ہونے پر اس پر پابندی لگائے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکا، کینیڈا میں ہونے والے واقع پر مودی کی انتہا پسندی والی سوچ پوری دنیا کے سامنے کھل کر آگئی ہے، اقوام متحدہ بھارتی بدمعاشی کا نوٹس لے اور ''را'' کو دہشتگرد تنظیم ثابت ہونے پر اس پر پابندی لگائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فاشسٹ بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں مسلسل محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران دو کشمیری نوجوانوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

لاہور: شادباغ کے علاقے میں شہری آٹا لینے کیلئے یوٹیلیٹی سٹور کے باہر جمع ہیں

پنجاب میں کرشنگ سیزن 28 اکتوبر سے شروع ہوگا

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) پنجاب میں کرشنگ سیزن کا آغاز 28 اکتوبر سے ہوگا، اکتوبر میں کرشنگ شروع نہ ہوئی تو چینی کی قیمت بڑھ سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے شوگر ملوں کو کرشنگ کے آغاز کے حوالے سے ہدایات جاری کر دی ہیں، شوگر ملوں نے حکومتی ہدایات پر عمل کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

نواز شریف ملک کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتے ہیں، خالد محمود انجم میو

مہنگائی سے عوام کا برا حال، نظام حکومت چلانا نگرانوں کے بس سے باہر ہوتا جارہا ہے، میڈیا سے گفتگو

خالق نگر (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن پی پی 169 کے سینئر رہنماء سماجی وسیاسی شخصیت خالد محمود انجم میو نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف نے پہلے بھی ملک کو بحرانوں سے نکالا، اب بھی میاں نواز شریف ہی ملک کو بحرانوں سے نکالیں گے، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایسی کوئی شخصیت موجود ہی نہیں جو عوامی توقعات پر پورا اتر سکے، قوم جس پر اعتماد کرتی ہے اس کا نام نواز شریف ہے جو جلد ہی وطن واپس آکر قومی بحرانوں پر قابو پالینگے، خالد محمود انجم میو نے کہا کہ ملک میں امن وامان کی بہتری اور مہنگائی کے جن پر میاں نواز شریف قابو پالیں گے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں مہنگائی بہت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان
ملک بھر میں ربیع الاول میں سیرت
النبی کانفرنسز منعقد کرے گی

کاموکے (بیورو رپورٹ) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان ملک بھر میں ربیع الاول میں سیرت النبی کانفرنسز منعقد کرے گی، آپؐ کی تعلیمات پوری انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

ریلوے حکام نے واجبات کی عدم
ادائیگی پر 5 دکانیں سیل کر دیں

رائے ونڈ (بیورو رپورٹ) ریلوے حکام نے واجبات کی عدم ادائیگی پر 5 دکانیں سیل کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے حکام کی ہدایت پر آئی او ڈبلیو اوکاڑا، ایس ایچ او ریلوے رائے ونڈ چودھری رحمت علی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے ریلوے ملکیتی 5 دکانوں کے کرایہ جات کی عدم ادائیگی پر انکو سیل کر دیا۔ بعدازاں نادہندگان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

فیصل آباد میں 5 روزہ انسداد پولیو
مہم کا آغاز 2 اکتوبر سے ہوگا

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) فیصل آباد میں 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز 2 اکتوبر سے ہوگا، جو 8 اکتوبر تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 5 سال تک کی عمر کے 15 لاکھ 37 ہزار 770 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جس کے لیے 4869 موبائل، فکسڈ وٹرانزٹ پوائنٹس ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی فیصل آباد کے چیف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

گاجر کی درآمد شدہ اقسام نومبر میں بھی
کاشت کی جاسکتی ہیں، محکمہ زراعت

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) نظامت زرعی اطلاعات محکمہ زراعت کے ترجمان نے کہا کہ گاجر کے کاشتکار جدید پیداواری عوامل اپنا کر نہ صرف عوام کو سستی گاجر فراہم بلکہ اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گاجر سرد آب وہوا کی فصل ہے اور بیج کے اگاؤ کیلئے 7 سے 24 ڈگری سینٹی گریڈ مثالی درجہ حرارت ہے اسی طرح 20 سے 25 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ سے زیادہ پیداوار اور اچھی گاجر لینے کیلئے انتہائی مناسب ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گاجر ہر قسم کی زمین میں کامیابی سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

ملک سے چاول کی برآمدات میں
جاری مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں
17 فیصد کی کمی ریکارڈ

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) ملک سے چاول کی برآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 33.17 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے مطابق جولائی اور اگست میں 340237 میٹرک ٹن چاول کی برآمدات ریکارڈ کی گئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 507144 میٹرک ٹن چاول کی برآمدات ریکارڈ کی گئیں۔ جاری مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں چاول کی برآمدات سے ملک کو 99.233 ملین ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

بدوملہی کے قریب لوڈر وین
الٹنے سے پانچ افراد زخمی

نارووال (بیورو رپورٹ) بدوملہی کے قریب لوڈر وین الٹنے سے پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ نارووال لاہور نیوروڈ پر بدوملہی ٹول پلازہ کے قریب لوڈر ڈالا ٹائر پھٹنے کی وجہ سے الٹ گیا جس کے نتیجہ میں پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر پانچ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور ان کو ڈی ایچ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

CAREERS FAIR 2023

لاہور: گورنمنٹ کالج یونیورسٹی میں کریئر فیئر کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر زیدی ایک سٹال کا معائنہ کر رہے ہیں

انتخابات کے بعد وزیر اعظم نواز شریف کا نعرہ حقیقت بن جائیگا' سلیم رضا

نواز شریف کا پاکستان پہنچنے پر شاندار، والہانہ، پرتپاک استقبال کیا جائے گا' رہنما (ن) لیگ

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ انتخابات کے بعد وزیر اعظم نواز شریف کا نعرہ حقیقت بن جائیگا، مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کرے گی، میاں نواز شریف کا پاکستان پہنچنے پر شاندار، والہانہ، پرتپاک استقبال کیا جائے گا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ میاں شہباز شریف نے اپنے 16 ماہ کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)

سیرت طیبہ کا پیغام اللہ کے دین کے نفاذ کی جدوجہد ہے' سنی علما کونسل

نبی کریم ﷺ سے عشق ومحبت کا تقاضا ہے کہ ان ﷺ کی سیرت کو اپنایا جائے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سیرت طیبہ کا پیغام اللہ کے دین کے نفاذ کی جدوجہد ہے، نبی کریمؐ نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اعلان کیا اور رب العالمین کی بندگی اختیار کرنے کی دعوت دی، نبی کریم ﷺ سے عشق و محبت کا تقاضا ہے کہ ان ﷺ کی سیرت کو اپنایا جائے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

پاک فوج کیخلاف انگلی اٹھانے والے قوم کیساتھ مخلص نہیں' قاری اعظم حسین

فوج پر تنقید کر کے ملک دشمن عناصر کو خوش کرنے والے قومی مجرم ہیں' پارٹی رہنماؤں سے گفتگو

لاہور (یو این پی) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ پاک فوج کے خلاف انگلی اٹھانے والے قوم کیساتھ مخلص نہیں، افواج پاکستان کی قربانیاں وطن عزیز کی سلامتی اور قوم کے امن وسکون کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، فوج پر تنقید کر کے ملک دشمن عناصر کو خوش کرنے والے قومی مجرم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلیٰ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

عام انتخابات میں جے یو آئی بڑی مذہبی قوت بن کر سامنے آئے گی' جے یو آئی

جے یو آئی ملک میں قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے نظام مصطفیٰ کے عملی نفاذ کی جنگ لڑ رہی ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عام انتخابات میں جے یو آئی بڑی مذہبی قوت بن کر سامنے آئیگی، پاکستان میں اسلام سے متصادم قانون سازی کی کوئی گنجائش نہیں اور نہ جے یو آئی اسے تسلیم کریگی، جے یو آئی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

فیصل آباد: جڑانوالہ روڈ پر طلبہ سے لدی بس ٹریفک پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

موسم تبدیل، نزلہ زکام، کھانسی، الرجی کی بیماریاں پھیلنا شروع

موسم کی تبدیلی کے ساتھ بیماریاں شروع ہوجاتی ہیں، لہٰذا شہری موجودہ موسم میں ٹھنڈی اور کھٹی اشیاء کا استعمال ہرگز نہ کریں

گلا خراب ہونے کی صورت میں نیم گرم پانی سے صبح شام غرارے کریں۔ سکول جانے والے بچوں کا ابلے ہوئے انڈے کھلائے جائیں

سیالکوٹ (نمائندہ خصوصی) موسم کے تبدیل ہوتے ہی نزلہ، زکام، کھانسی اور الرجی کی بیماریاں پھیلنا شروع ہوگئیں۔ موسمی نزلہ زکام نے شہریوں میں دوبارہ کورونا کا خوف پیدا کردیا۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ موسم کی تبدیلی کے ساتھ بیماریاں شروع ہوجاتی ہیں۔ لہٰذا شہری موجودہ موسم میں ٹھنڈی اور کھٹی اشیاء کا استعمال ہرگز نہ کریں۔ اس موسم میں دل میں گرمی اور شام میں خنکی ہوجاتی ہیں شہریوں کی اکثریت اس موسم میں ٹھنڈا پانی اور کولڈرنگ پی رہے ہیں جس کی وجہ سے گلے میں سوزش، نزلہ، زکام کا مرض تیزی سے پھیل رہا ہے۔ جبکہ بعض افراد میں اس مرض کی شدت کی وجہ سے بخار بھی ہورہا ہے لہٰذا اس موسم میں کھانے پینے میں احتیاط کریں۔ دن میں ٹھنڈا پانی پینے سے اجتناب کریں۔ موسم میں خشکی کی وجہ سے گلا سوکھ جاتا ہے اور خراشیں بھی ہونے کی شکایت ہورہی ہے ں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسی صورتحال میں سادہ پانی زیادہ پیا جائے، گھر کے تیار کردہ گرم سوپ، یخنی اس موسم میں انتہائی مفید ہیں۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ گلا خراب ہونے کی صورت میں نیم گرم پانی سے صبح شام غرارے کریں۔ سکول جانے والے بچوں کا ابلے ہوئے انڈے کھلائے جائیں۔

کراچی: نگراں وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر محکمہ ورکس اینڈ سروسز کی ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات دیگر وجوہات کے باعث گاڑیوں کی فروخت میں کمی

صورتحال یہی رہی تو کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوجائے گا، شوروم مالکان

لاہور (بیورو رپورٹ) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کے باعث گاڑیوں کی فروخت میں فیصد 52 کمی ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرول و ڈیزل کی بلند قیمتیں، مہنگی فنانسنگ اور صارفین کی جانب سے طلب میں کمی کی وجہ سے گاڑیوں کی فروخت کم ہوگئی۔ پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے مطابق اگست 2023 میں 5 ہزار 909 کاریں فروخت ہوئیں جس میں گزشتہ سال اگست کی نسبت 52 فیصد کمی آئی۔ کاروں کی فروخت میں کمی سے شوروم مالکان کا کہنا ہے کہ اگر یہی صورتحال رہی تو کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوجائے گا۔ شوروم بند ہونے سے کئی افراد بیروزگار ہوجائیں گے۔

سعودی عرب سے تاریخی امن ممکن ہے، اسرائیلی وزیر اعظم

سعودی عرب سے تعلقات معمول پر لانے میں امریکا کا کردار اہم ہوگا، گفتگو

نیویارک (بیورو رپورٹ) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے امریکی صدر جو بائیڈن سے ملاقات میں کہا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے امریکا کی حمایت سے ایک شاندار معاہدہ ممکن ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق وہ نیویارک میں جو بائیڈن سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ میرے خیال میں جناب صدر! آپ کی قیادت میں ہم اسرائیل اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی امن قائم کر سکتے ہیں۔

جوہری ادارہ ہماری سائٹس دیکھے، کوئی مسئلہ نہیں، ایران

ہمیں معائنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن مسئلہ کچھ معائنہ کاروں کے ساتھ ہے، صدر رئیسی

نیویارک (بیورو رپورٹ) ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے کہا ہے کہ ان کے ملک کو بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے جوہری مقامات کے معائنے سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ان کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے حال ہی میں ایران نے متعدد عالمی معائنہ کاروں کو ایران میں جوہری تنصیبات کی معائنہ کاری سے خارج کر دیا تھا۔ رئیسی نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں معائنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن مسئلہ کچھ معائنہ کاروں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

لاہور: مزدور کام نہ ہونے کے باعث ہاتھ پر فٹ پاتھ پر بیٹھے خوش گپیوں میں مصروف ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماعت
سے محروم افراد کی اشاروں کی زبان کا
عالمی دن 23 ستمبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماعت سے محروم افراد کی اشاروں کی زبان کا عالمی دن 23 ستمبر کو منایا جائے گا، پہلی مرتبہ اس دن کا انعقاد 2018 میں کیا گیا، سماعت سے محروم افراد کے سماجی حقوق کے تحفظ اور ان کی زبان کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے اس دن کا انعقاد کیا گیا، یہ فیصلہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی طرف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

فیصل آباد، نشہ کیلئے پیسے نہ دینے پر بڑے بھائی
نے فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی کو قتل کر دیا

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) فیصل آباد نشہ کیلئے پیسے نہ دینے پر بڑے بھائی نے فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی کو قتل کر دیا، وقوعہ تھانہ روڈالہ روڈ کی حدود میں پیش آیا تفصیلات کے مطابق جڑانوالہ تھانہ روڈالہ روڈ کے نواحی گاؤں چک نمبر 378 گ ب کے رہائشی مہندی حسن نے نشہ کیلئے اپنے چھوٹے بھائی گلناز سے پیسے مانگے مگر گلناز نے پیسے دینے سے انکار کر دیا جس پر مہندی حسن نے فائرنگ کر کے اپنے بھائی گلناز کو قتل کر دیا اور فرار ہوگیا اطلاع پر پولیس نے لاش کو پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا

موسم کی تبدیلی کیساتھ ہی سموگ سے بچاؤ کیلئے
دھواں دینے والی گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن
شروع، 154 کے چالان، 10 لاکھ جرمانہ

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) فیصل آباد میں موسم کی تبدیلی کیساتھ ہی سموگ سے بچاؤ کیلئے دھواں دینے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا گیا ہے اور گزشتہ روز 154 گاڑیوں کے چالان کر کے انہیں 10 لاکھ 23 ہزار روپے سے زائد جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے، نیز محکمہ تحفظ ماحول فیصل آباد کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے کہ مذکورہ مہم موسم سرما کے اختتام تک تسلسل کیساتھ جاری رہے گی، لہٰذا گاڑیوں کے مالکان فوری اپنی گاڑیوں کی ٹیوننگ وغیرہ کروالیں ورنہ ان کے ساتھ کوئی رعایت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

لاہور؛ شہری بچوں کے لئے کھلونے خرید رہے ہیں

مسائل، پیچیدگیوں کی وجہ سے 30 ستمبر تک 20 لاکھ گوشوارے بھی جمع نہیں ہونگے' پاکستان ٹیکس بار

ایف بی آر سسٹم میں موجود خامیاں، ریٹرن میں موجود پیچیدگیوں کو دور کرے' صدر رانا منیر، جنرل سیکرٹری قمرالزمان

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ایف بی آر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریٹرن کو غلطیوں سے پاک کرے، گوشوارہ داخل کرانے کیلئے 30 ستمبر آخری تاریخ مقرر کی گئی ہے تاہم ابھی تک لوگن پاسورڈ، کیپٹل گین، پرافٹ اینڈ ڈیبٹ اور سسٹم کے بار بار بیٹھ جانے کے مسائل حل طلب ہیں، مسائل کو دیکھتے ہوئے یہ پیشگوئی غلط نہیں ہوگی کہ 30 ستمبر تک 20 لاکھ گوشوارے بھی جمع نہیں ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا منیر حسین اور جنرل سیکرٹری قمرالزمان چودھری نے ملاقات کے لئے آنے والے ٹیکس ماہرین سے ملاقات میں گفتگو کرتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)

انفارمیشن ٹیکنالوجی کی برآمدات میں ماہانہ بنیاد پر 10 فیصد اضافہ ریکارڈ

رواں مالی سال کے دوران آئی ٹی برآمدات 449 ملین ڈالر رہی' رپورٹ

لاہور (بیورو رپورٹ) انفارمیشن ٹیکنالوجی کی برآمدات ماہانہ بنیادوں پر اگست 2023 میں 10 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 235 ملین ڈالر ہوگئی ہیں۔ ٹاپ لائن سیکیورٹیز کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق اگست میں آئی ٹی کی برآمدات میں اضافہ کام کے دنوں میں اضافے یا چھٹیوں میں کمی کی وجہ سے ہوا ہے، کمپیوٹر سروسز میں ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کنسلٹینسی ایکسپورٹ میں بالترتیب 21 اور 18 فیصد کا متاثر کن اضافہ دیکھا گیا ہے، سالانہ بنیادوں پر آئی ٹی ایکسپورٹ میں 3 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ یہ نتائج آئی ٹی کمپنیوں کی جانب سے پاکستان بھیجے جانے والے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)

لاہور: محنت کش پرانے ٹائر مرمت کرنے میں مصروف ہے

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

فیصل آباد نبی کریم کی تعلیمات پر عمل پیرا
ہوکر پاکستان کو اسلامی وفلاحی ریاست بنایا
جاسکتا ہے، محمد آصف رضا قادری

مکوآنہ (بیورو رپورٹ) نبی کریم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر پاکستان کو اسلامی وفلاحی ریاست بنایا جاسکتا ہے۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی و دیگر معاشرتی مسائل کے حل کیلئے اسلامی تعلیمات کا مکمل نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان سنی تحریک اس ''ماہ مقدس'' کو ''ماہ پیغام عشق رسول'' کے طور پر منا رہی ہے۔ نبی رحمت حضرت محمد کی بعثت کو رب کریم نے کائنات پر احسان قرار دیا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

حضور نبی کریمؐ کی ولادت سے دنیا میں
اندھیرے ہمیشہ کیلئے چھٹ گئے

کاموکے (بیورو رپورٹ) حضور نبی کریمؐ کی ولادت سے دنیا میں اندھیرے ہمیشہ کیلئے چھٹ گئے اور آمد مصطفیٰؐ سے انسانیت اپنے مقدر پر ناز کرنے لگی۔ ان خیالات کا اظہار سماجی سیاسی رہنما چودھری آصف شفیق آرائیں نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حضور نبی اکرم کا یوم ولادت باسعادت اہل ایمان کیلئے خوشیوں کا پیامبر ہے ہمیں اُس مبارک دن پر دعا گو ہونا چاہئے کہ اللہ رب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی کی
مصری ہم منصب سے ملاقات،
دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

نیویارک (بیورو رپورٹ) وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس کے موقع پر مصری ہم منصب سمیح شکری سے ملاقات کی۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی مشن کے مطابق دونوں وزرا خارجہ نے دوطرفہ تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور دونوں دوست ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں اضافہ، کام ٹھپ، شہری پریشان

تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں 20 فیصد اضافہ سے سیمنٹ کی بوری کی سرکاری قیمت 300 روپے اضافے کے بعد 720 روپے سے بڑھ کر 1020 روپے ہوچکی ہے

مارکیٹ میں سیمنٹ کی بوری 1250 روپے میں مل رہی ہے اول اینٹ کی فی ہزار قیمت 12 ہزار 500 روپے سے تجاوز کر کے 15 ہزار روپے ہوگئی ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں 20 فیصد اضافہ ہونے سے متعدد تعمیراتی کام ٹھپ، شہری پریشان۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد تعمیراتی میٹریل کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں اور تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں 20 فیصد اضافہ سے سیمنٹ کی بوری کی سرکاری قیمت 300 روپے اضافے کے بعد 720 روپے سے بڑھ کر 1020 روپے ہوچکی ہے جبکہ مارکیٹ میں سیمنٹ کی بوری 1250 روپے میں مل رہی ہے اول اینٹ کی فی ہزار قیمت 12 ہزار 500 روپے سے تجاوز کر کے 15 ہزار روپے ہوگئی ہے۔ سفید سیمنٹ کی فی بوری قیمت 1350 روپے بڑھا کر 1650 روپے کردی گئی ہے۔ سریے اور بجری کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو چکا ہے۔ تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد متعدد تعمیراتی کام ٹھپ ہوکر رہ گئے ہیں

لاہور: شہری لنڈا بازار سے خریداری کر رہے ہیں

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کا قیام انتہائی خوش آئند ہے ندیم پہلوان

ملک کامران، عدنان چوہدری، اعجاز چٹھہ، مس سمعیہ و دیگر کی شرکت

لاہور (بیورو رپورٹ) اوورسیز پاکستانی ملک کی معیشت کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، بدقسمتی سے اوورسیز پاکستانیوں کو وہ مقام نہیں دیا گیا جس کے وہ حقدار ہیں، برطانیہ اور سعودی عرب کے دورہ کے دوران وہاں مقیم پاکستانیوں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے بھرپور کاوشیں کی گئی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری و پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل سپورٹس ونگ لاہور کے صدر ندیم پہلوان نے عمرہ کی ادائیگی پر اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کا اہتمام پاکستان اوورسیز کمیونٹی گلوبل کی سیکرٹری کلچرل ونگ و سیکرٹری اطلاعات (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

سعودی عرب کی سوڈان کے متحارب فریقین کو جدہ میں مذاکرات کی دعوت

سوڈان کے پڑوسی ممالک کو اکیلے بحران کا خمیازہ نہیں اٹھانا چاہیے، سعودی وزیر خارجہ کا خطاب

نیویارک (بیورو رپورٹ) نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کرنے والے مملکت سعودی عرب کے وفد کی سربراہی کرتے ہوئے سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان بن عبداللہ نے مملکت کی طرف سے سوڈان میں انسانی صورت حال کی بہتری اور امداد کی فراہمی کیلیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ غیر ملکی خبررساں ادارے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

اسرائیل، سعودیہ تعلقات سے خطے میں استحکام ممکن ہے، امریکا

اسرائیل اور سعودی عرب کو ایک ساتھ لانے سے خطے کے استحکام پر زبردست اثر پڑے گا، بلینکن

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلینکن نے کہا ہے کہ اسرائیل اور سعودی عرب کو ایک ساتھ لانے سے خطے کے استحکام پر زبردست اثر پڑے گا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک انٹرویو میں امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلینکن نے کہا کہ دونوں ممالک (اسرائیل اور سعودی عرب) کو ایک ساتھ لانے سے خطے کے استحکام پر زبردست اثر پڑے گا۔ انھوں نے کہا کہ مشرق اوسط میں تو کئی دہائیوں سے تنازعات چل رہے ہیں۔

لاہور: کاریگر مشین پر تھیلے سلائی کرنے میں مصروف ہے